پاک سوسائٹی ڈاٹ کام
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
http://aanchal.urdutube.info/

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

AUGUST 2015
Golden jubilee Magazine Monthly AIENA-E-QISMAT LAHORE ® CPL # 134

WWW.PAKSOCIETY.COM

ماہر روحانیات شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی کی روحانی خدمات سے فیض حاصل کریں

باب مدینۃ العلم حضرت علیؑ کا ارشاد ہے کہ ہر انسان کے اندر ایک عالم اکبر چھپا ہوا ہے اور یہ دنیا عالم اصغر ہے۔ سُبحان اللہ۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسی طاقتیں عطا کی ہیں جو روحانی مادی دنیا کو متاثر کرتی ہیں۔ روحانی و جسمانی معالج ریاضت کے بعد ان باطنی قوتوں کو استعمال کر کے خلق خدا کی خدمت کرتے ہیں۔ روحانی ریاضت اور مشقت سے ہی انسان خدائی طاقت سے تعلق و ہم آہنگی پیدا کر سکتا ہے کائنات میں روحانی توانائیاں موجود ہیں۔ اگر ہم حاصل کر کے صحیح استعمال کریں تو ہماری ہستی میں وسعت و رفعت پیدا ہوتی ہے۔ ایسے ہی رشتہ باہم سے منسلک ایک عظیم المرتبت سید گھرانے کی روحانی شخصیت حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی" پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش" سید علی ہجویری اس ارض پاک پر روحانی فیوض و برکات تقسیم کرنے کیلئے متعین ہوئے۔ بانی ادارہ آئینہ قسمت حضرت سید ناظر حسین شاہ زنجانی" المعروف نجم اعظم اس سلسلہ کا تسلسل ہیں جنہوں نے قیام پاکستان کے ساتھ ہی ایک نئے انداز سے اس روحانی سلسلہ کو شروع کیا ماہنامہ آئینہ قسمت جاری کرنے کے ساتھ ساتھ متعدد روحانی کتب تصنیف کیں اور پھر بڑی جانفشانی سے ایک ربع صدی تک اس کی پرورش کی۔ اپنے خاندانی روحانی فیوض و برکات اور علوم کا فیض عام جاری کیا بعد ازاں ان کے فرزند ارجمند و جانشین شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی کو ذمہ داری ملی۔ آپ بھی اپنے خاندانی فیوض و برکات سے ہر بنی نوع انسان کو بلا امتیاز مذہب و ملت فیضیاب فرماتے ہیں آپ اپنی کسی بھی الجھن کے سلسلے میں ان کی وسیع تر خاندانی خدمات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں بالمشافہ یا بذریعہ خط و کتابت شاہ زنجانی صاحب سے تمام دنیاوی مشکلات و مصائب اور حاجات زندگی کے لئے موثر عملیات و تعویذات بھی لئے جا سکتے ہیں۔

آپ اپنے ذاتی زائچہ پیدائش کی تحقیق کروا کر اپنے سیارگان کی قوت و کمزوری معلوم کر کے شرف و اوج سیاروں کی الواح، برج و ستارے کا طلسم، موافق جواہرات صدقات، اسم اعظم معلوم کر کے اپنی قسمت کو بدل سکتے ہیں۔ نوٹ: اپنی سہولت کے لئے بالمشافہ ملنے والے وقت لے کر تشریف لائیں بذریعہ خط و کتابت نیک مشاورت کرنے والے اپنا نام بمعہ والدین، تاریخ پیدائش، وقت، مقام یا اندازاً عمر کے علاوہ وقت سوال بھی تحریر کریں۔ فیس یا ہدیہ کے لئے اندرونی صفحات ملاحظہ فرمائیں۔

ہر انگریزی ماہ بالمشافہ ملنے والوں کے لیے پروگرام (علاوہ رمضان المبارک) اوقات ملاقات صبح 11 بجے سے 6 بجے شام

کاشانہ زنجانی 11 تا 20 اور 24 تا 30 یا 31
125-ڈی، گلبرگ 2
0300-9456949 || 0300-9483758

AINA-E-QISMAT
Ph: 042-35752277

کاشانہ زنجانی یکم تا 7
نزد ہومیو کنگ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

21,22,23
فلیٹیز ہوٹل
مال روڈ (صدر) راولپنڈی
051-9272004-8

Kashana-e-Zanjani, D-125, Gulberg-II, Near Main Market, Lahore - 54660 Pakistan
Lahore Ph: 042-35752277, 35872277 Fax: 35755253 Karachi Ph: 021-32217544 email: aienaeqismat@gmail.com

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بیاد حضرت میراں حسین زنجانی ... پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری ... لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

جلد نمبر 68 | AUGUST 2015 | شمارہ نمبر 05

قیمت 70 روپے

سالانہ چندہ 750 روپے

لائف ممبرشپ 9000 روپے

لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 6500 روپے

انڈیا ایران سری لنکا 6500 روپے

یورپ فار ایسٹ 7500 روپے

امریکہ کینیڈا آسٹریلیا 8500 روپے

سید ... انتظار حسین شاہ زنجانی

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سید مصور علی شاہ زنجانی

شہزادہ سید محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سید محسن علی شاہ زنجانی

چیف ایڈیٹر ← شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر ← شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت زنجانی جنتری چیف ایڈیٹر

ایڈیٹر ← شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر ← شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

اعزازی ایڈیٹر ← ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ

مجلس مشاورت

- چوہدری ... علی خان
- ڈاکٹر ... بخاری
- ڈاکٹر ... (پال)
- مخدوم سید ... قادری
- کرنل (ر) سید ... شاہ
- ... آف ...
- علامہ حسام الدین
- مخدوم سید ... زنجانی
- میجر (ر) ... ہاشمی
- پروفیسر ... بٹ
- محمد سلیم نقشبندی

مشیر قانونی: طالب علی ... ایڈووکیٹ، محمد عامر ... ایڈووکیٹ

کمپیوٹر لے آؤٹ: شہزاد شاکر

سرکولیشن منیجر: منظور علی

معاون: غلام مصطفیٰ

لاہور: کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II لاہور

فون: 042-35752277, 35872277 فیکس: 042-35756263

موبائل: 0300-9483758

کراچی: کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200

فون: 021-32217544

E-Mail: aienaeqismat@gmail.com

آئینہ قسمت میں چھپنے والے مضامین بحق ادارہ محفوظ ہیں۔ بلا اجازت شائع کرنا قانوناً جرم ہے۔ کسی بھی ایسے فرد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

Scanned By Amir

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

حمد

غلام مصطفیٰ نعیمی

ہماری خدا کا نام ہوا زبان سے
آواز آئی بندے میرے لامکاں سے
کیوں نہ رہوں میں ذات خدا سے امیدوار
لاتقنطو کا امر ہے آیا قرآن سے
رونق دوبالا ہو گئی حرم جلیل کی
لات و منات نکلے خدا کے مکان سے
بندوں پہ رحم کرتے رہو تم زمین پر
رحمت خدا کی آئے گی پھر آسمان سے
سرکار دو جہاں بھی تھے مانگتے پناہ
ستر دفعہ ہر روز ہی رب جہان سے
تیرے لئے ہیں خوبیاں ہر شان آن بان
محفوظ رکھنا یا خدا ہر امتحان سے

حدیث قدسی

اللہ سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے:

میں اپنے بندے کے لیے ویسا ہی ہوں، جیسا وہ میرے متعلق خیال کرتا ہے اور جب وہ پکارتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔

(بخاری)

نعت

خواجہ عبدالمنان راز

دیار مصطفیٰ ﷺ تیری فضا ہے کتنی نورانی!!
مہر و انجم سے دلکش ہے ترے ذروں کی تابانی
سلام ان پہ درود ان پہ، درود ان پہ سلام ان پہ
کہ جن کے فیض نے بخشا ہے مجھ کو نور ایمانی
من از ایں بحث می ترسم کہ او خاکیست یا نوری
مقام مصطفیٰ، واعظ! نہ من دانم نہ تو دانی!
تبسم لب پہ ہوتا تھا کہ تارے جھلملاتے تھے
زباں پہ بات ہوتی تھی کہ ہوتی تھی گل افشانی
ہے اسوہ اور سیرت ان کی تفسیر کلام اللہ
بجز اس کے نہیں اے راز ممکن کچھ ثنا خوانی
خدایا کر دے روشن میرا سینہ نور ایماں سے
کہ ان کے روبرو حب کرنہ ہو مجھ کو پشیمانی!

منقبت

سید نصیر الدین نصیر

تڑپ اٹھتا ہے دل لفظوں میں دوہرائی نہیں جاتی
زباں پر کربلا کی داستاں لائی نہیں جاتی
حسین ابن علی کے غم میں ہوں دنیا سے بیگانہ
ہجوم خلق میں بھی میری تنہائی نہیں جاتی
اداسی چھا رہی ہے روح پر شام غریباں کی
طبیعت ہے کہ بہلانے سے بہلائی نہیں جاتی
حسینیت کو پانا ہے تو ٹکر لے یزیدوں سے
یہ وہ منزل ہے جو لفظوں میں سمجھائی نہیں جاتی
وہ جن چہروں کو زینت غازۂ خاک نجف بخشے
دم آخر بھی ان چہروں کی زیبائی نہیں جاتی
نصیر آخر عداوت کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں
کسی بیمار کو زنجیر پہنائی نہیں جاتی

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ارض اللہ پر ہر دور میں طاقتوں کے بدلتے توازن کے ساتھ جغرافیے بدلتے اور نئے ملک قائم ہوتے رہتے ہیں۔ 1971ء میں یہی کچھ ہمارے وطن کے ساتھ ہوا مشرقی پاکستان الگ ہو کر بنگلہ دیش الگ ملک بن گیا، پاکستانی نجومیوں میں یہ بحث و مباحثہ عرصہ دراز سے جاری تھی کہ پاکستان کا نیا زائچہ بنایا جائے۔ 2015ء میں عمران خان کے نعرہ نیا پاکستان نے اس بحث کو اور بھی تیز و دلچسپ بنا دیا۔

بھارتی نجومی رے آوٹ لک نے 1999ء میں (**2020 پاکستان دنیا کے نقشہ سے ختم ہو جائے گا**) کی پیش گوئی چھاپ چکا ہے۔ بظاہر چند سالوں سے دہشت گردی اور سیاست دانوں کی رسہ کشی کے سبب یوں لگ رہا تھا کہ خاک بدہن پاکستان ٹوٹ جائے گا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد جب اس کے آثار کی ابتداء ہوئی تو ان کے شوہر جناب آصف علی زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا۔ پھر جب ان کے اقتدار کا دور آیا تو ملکی حالات اور بھی خراب ہو گئے۔ حالات نعروں سے نہیں بدلتے، بلکہ عمل سے بدلتے ہیں۔ 2012ء میں 27 رمضان کریم لیلۃ القدر اور 14 / 15 اگست یوم آزادی پاکستان یکساں ہونے پر میں نے پیش گوئی کی تھی کہ بس اب بہت خون خرابہ ہو چکا۔ یوم آزادی پاکستان کی عیسوی اور اسلامی تاریخ یکساں پاکستان بنانے والی قدرت کو پاکستانی عوام کا خون ناحق بہنے پر رحم آگیا ہے۔ ایک دنیاوی حکومت ہمارے حکمرانوں کی ہے جبکہ سدا بادشاہت اللہ کی ہے۔

2013ء میں الیکشن ہوئے، حکمران تبدیل ہوئے، دہشتگردی کا شور رہا ساتھ ہی ہماری پاک افواج کے سپہ سالار جنرل راحیل شریف نے پاک فوج کی کمان سنبھال لی تو مجھے امید ہو چلی تھی کہ آپ کی کمان میں پاکستان کے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ 2014ء تمام **پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا پر پیش گوئی کی کہ ملک میں مارشل لاء لگ جائے گا اور اب یہ مارشل لاء دہشت گردوں، چوروں، بھتہ خوروں اور کرپشن کرنے والوں کے خلاف لگے گا۔** زنجانی جنتری 2013، 2014 اور ماہنامہ آئینہ قسمت کی درست پیش گوئی کے مطابق ضرب عضب کا آغاز ہوا۔ پوری قوم اور تمام سیاست دانوں نے خوش دلی یا بادل نخواستہ افواج کا ساتھ دیا۔ ضرب عضب جوں جوں آگے بڑھتی جا رہی ہے۔ دہشت گردی کا خاتمہ ہو کر اب ملک کو اندر باہر سے نقصان پہنچانے والوں کا سخت محاسبہ شروع ہو چکا ہے۔ انہی حالات و واقعات کے تسلسل کو دیکھتے ہوئے 1947ء اور 1971ء پاکستان کا نیا زائچہ تشکیل دیا گیا ہے۔ نجومیں پاکستان کو کوئی تحقیقی توجیہ کی گزارش کی جائے تو وہ بہت جلد تنقید پر اتر آتے ہیں۔

باب العلم مولا علی کا فرمان ہے کہ ... نجومیوں سے گزارش ہے کہ ... حقائق کا مشاہدہ و مطالعہ ... کریں ... پاکستان کا نیا زائچہ پیش خدمت ہے ... کریں ... سلام ہے پاکستان کے لیے ... صاحب علم دوستوں کے لیے ... کیا کہتے ہیں ...؟

گر قبول افتد زہے عز و شرف

شہزادہ سید افتخار حسین زنجانی

ماہنامہ آئینہ قسمت کو آن لائن مطالعہ کریں www.aienaeqismat.com.pk

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

کشمیر پر بھارتی مظالم کو اقوام عالم، عالمی میڈیا اور خصوصاً یونائیٹڈ نیشن میں اسے ہائی لائٹ کیا جائے گا۔ ملکی اسٹاک شیئرز میں مصنوعی تیزی آئے۔ شیئرز مستحکم رہیں اور بعض شیئرز میں غیر متوقع اضافہ ہو۔ حکومت بعض کاموں میں افراتفری کا شکار ہو کر وزارتوں میں ردوبدل کرے۔ تفریحی مقامات پر دہشت گردی، سیاسی لوگوں کا میڈیا ٹرائل اور سخت احتساب ممکن ہو سکے۔ کرپٹ سیاست والوں کے سخت احتساب کی ابتداء ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ قران سعدین زہرہ مشتری پاکستان کے سب سے بڑے مرکزی صوبے پنجاب میں بلدیاتی الیکشن کی گہما گہمی عروج پر ہوگی۔

زائچہ فل مون — 08 عقرب 23 — بحساب ویدک

بتاریخ 31 جولائی 2015ء، بوقت 15 بجکر 43 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ نیو مون — 24 دلو 19 — بحساب ویدک

بتاریخ 14 اگست 2015ء، بوقت 19 بجکر 55 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ فل مون: آسمانی کونسل پر طالع میں (پر اسرار واقعات سے متعلقہ) برج عقرب طالع ہونے سے، فوج کے خفیہ ادارے اور دیگر ملکی انٹیلی جنس سروسز ملک کو غیر مستحکم کرنے والی غیر ملکی ایجنسیوں کے خفیہ منصوبوں کی روک تھام کے لیے غیر ملکی ایجنسیوں کی حرکات پر کڑی نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ ملک کے خفیہ اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید فعال اور بہتر بنایا جائے گا۔ نتیجتاً بھارتی ادارے راہ کے نیٹ ورک بلوچستان، کشمیر اور سندھ میں پکڑے جائیں۔ نویں شمس تیسرے قمر مقابل، شمس دسویں کا مالک ہو کر نویں ہمراہ عطارد مریخ ہونے کے سبب الیکشن دھاندلیوں کے نتیجہ میں بننے والے جوڈیشل کمیشن کے بے لاگ فیصلے، جس کا سیاسی پارٹیاں بے چینی سے انتظار کر رہی ہیں اور یہاں پر طالع کے مالک مریخ اور عطارد کی موجود اور دسویں قران سعدین ہونے کے سبب قوانین کی سربلندی اور فیصلوں کے نتیجے میں آئندہ ہونے والے الیکشنز کے لیے موثر قوانین انتظامات بنانے میں راہنمائی لے گی۔ دوست ممالک سے بیرون ملک کاروباری، تجارتی حجم بڑھے۔ قمر کی تیسرے اور کمزور موجودگی ہمسایہ ممالک سے تعلقات میں بگاڑ سرحدوں پر عسکری نقل وحرکت دہشتگردوں وشر پسندوں کے خاتمہ کے لیے مسلح افواج کی کارروائیاں سختی سے جاری رہیں۔ غیر ملکی پریس کے پاکستان پر حملوں کے جواب میں ہمارا میڈیا وزارت خارجہ سرگرم رہیں اور

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

خصوصاً کشمیر پر بھارتی مظالم کو اقوام عالم، عالمی میڈیا اور خصوصاً یو نائٹڈ نیشن میں اسے ہائی لائٹ کیا جائے گا۔ دوسرے اور پانچویں کا مشترکہ حاکم مشتری دسویں زہرہ سے قران سعدین ہونے سے ملکی اسٹاک شیئرز میں معمولی تیزی آئے۔ شیئرز مستحکم رہیں اور بعض شیئرز میں غیر متوقع اضافہ ہو۔ ایسے شیئرز کی قیمتیں اچانک بڑھ جائیں، حکومتی عید ملن تقریبات اور حکمران پارٹی کے جلسے جلوسوں کنونشنوں میں اضافہ، حکومتی سیاسی ورکر اچانک متحرک ہو کر اپوزیشن کو نیچا دکھانے کے لیے روپے پیسے اور اختیارات کا بے دریغ استعمال کریں۔ حکومت کو حزب اختلاف اور عوامی پریشانیاں مہنگائی لوڈ شیڈنگ، بجلی، پانی کی کمی کے سبب حکومتی پارٹی کا وقار مجروح ہو۔ حکومت بعض کاموں میں افراتفری کا شکار ہو کر وزارتوں میں ردوبدل کرے۔ زائچے کے تیسرے چوتھے کا مشترکہ حاکم زحل جو فطرتی طور پر سیاست کا بھی حاکم ہے۔ اس کی طالع میں موجودگی عوام میں حکومت کے لیے اپنے مسائل کے حل نہ ہونے پر شدید بے چینی اور رنج وغم رہے۔ زحل کی یہاں سنجیدہ نشست مستقبل میں سیاست اور جمہوری تبدیلی کا اشارہ ہے۔ پلوٹو یورانس تربیع تفریحی مقامات پر دہشت گردی اور ملکی خزانے کو نقصان پہنچانے جیسے اسکینڈل بینک اور مالیاتی اداروں میں فراڈ سامنے آنے سے ایسے لوگوں اور ان میں ملوث سیاسی لوگوں کا میڈیا ٹرائل اور سخت احتساب ممکن ہو سکے۔

زائچہ نیو مون: آسمانی کونسل پر زائچہ نیو مون میں قران شمس و قمر چھٹے ہمراہ مریخ و زہرہ ملکی عوام و صحت عامہ کے مسائل بڑھیں۔ سول سروسز، پولیس اور تفتیشی اداروں میں کرائم، چوری، اغوا، ڈکیتی اور تخریب کاروں کے خاتمہ کے لیے جنگ کا دائرہ بڑھے اور سرحدوں پر مسلح افواج، تشدد پسند اور دہشت گردوں کے خلاف مسلح کامیاب کارروائیاں جاری رہیں۔ ملکی فنانس اور پارلیمنٹ کا مشترکہ مالک مشتری ساتویں عطارد کے ساتھ حالت قران میں ہونے سے وزارت خارجہ و ملکی مفادات کے لیے خاصی متحرک رہے۔ غیر ممالک کے ساتھ کمرشل تجارت، تعلیم کے شعبہ جات، سائنسی ریسرچ ورک اور دوست ممالک کے ساتھ مذاکرات و کامیاب اگریمنٹ اور کامیاب ڈپلومیسی مذاکرات کے نتیجے میں کئی ایک معاہدے طے پائیں۔ عطارد آٹھویں کا حاکم ہونے کے سبب دشمن ممالک سے جنگی جنون کی افواہیں اور خبریں آتی رہیں اور ہمارا میڈیا اس کا موثر دفاع کرتا رہے۔ وطن عزیز کی علاقائی اور جغرافیائی اہمیت کے پیش نظر یہود و ہنود سازشوں کے نتیجہ میں کشمیر و دیگر علاقائی و عالمی تنازعات اور اختلافات کے مہیب خطرات میں اضافہ، اندرون ملک سیاسی جنگ کے علاوہ سرحدوں پر بھی حاکم ستارہ زحل دسویں حکمرانوں کے گھر ہونے سے ماضی اور حال کے حکمرانوں کے احتساب کا اشارہ ہے۔ اب تک کے حکمرانوں کے خلاف جاری مقدمات میں تیزی آئے اور سابقہ حکومتی پارٹیوں اور سیاست دانوں کے سخت احتساب کی ابتداء ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ مشرف، قادری، ہم خیال گروپ ایک سیاسی گروپ (اتحاد) اچانک قوت پکڑے۔

بیٹا نعمت خداوندی
اولاد نرینہ کے خواہشمند اپنی نیک تمنا کی تکمیل کیلئے
عامل شاہ زنجانی سے روحانی فیض حاصل کریں

قمر در عقرب اس نحس وقت کی ابتداء 20 اگست 14 بجکر 25 منٹ تا 23 اگست 01 بجکر 41 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

زائچہ پاکستان — 03 ثور 33 — بحساب ویدک

1 / 12: مریخ
2: زحل
3 / 4: ذنب
5
11
8: عطارد، نیپچون
10: راس، قمر
6: پلوٹو، یورانس
7
9: شمس، مشتری، زہرہ

بوقت 20 دسمبر 1971ء، بوقت 14 بجکر 58 منٹ 20 سیکنڈ، بمقام اسلام آباد

پاکستان کا نیا زائچہ

پاکستان کے زائچے کے حوالے سے ہم ایک طویل عرصے سے مسلسل لکھ رہے ہیں اور اس حوالے سے خاصا تحقیقی کام کرتے رہے ہیں کیوں کہ اب تک جتنے بھی زائچے پیش نظر رہے ہیں وہ کسی نہ کسی اعتبار سے مکمل اور بھرپور نتائج کے حامل نہ تھے۔ اس حوالے سے ہمارا موقف یہ بھی رہا ہے کہ **قیام پاکستان کا زائچہ اب مؤثر نہیں رہا** جب کہ پاکستان کے اکثر منجمین اسی زائچے پر زور دیتے نظر آتے ہیں لیکن ہمیں اس زائچے سے حسب توقع نتائج نہیں ملے۔

ابتدا ہی سے پاکستان کے ایک سے زیادہ زائچے منجمین کے درمیان زیر بحث رہے ہیں، چند سال پہلے اس موضوع پر جناب سید انتظار حسین شاہ زنجانی نے توجہ دلائی تھی اور زنجانی جنتری 2001ء میں مختلف منجمین کا نقطۂ نظر پیش کیا تھا، اس حوالے سے یہ معاملہ بھی زیر بحث آیا کہ پاکستان کی درست تاریخ پیدائش کیا ہے؟

اکثر منجمین اس غلط فہمی کا شکار رہے ہیں کہ پاکستان 14 اگست 1947ء رات صفر بج کر صفر منٹ بمقام کراچی وجود میں آیا، اس حوالے سے ٹھوس بنیادوں پر تحقیق کی گئی تو ثابت ہوا کہ یہ خیال غلط ہے، **دستاویزی ثبوت و شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں ایک ہی تاریخ 15 اگست 1947ء** شب صفر بج کر صفر منٹ پر وجود میں آئے، ووللڈ ہارس کوپ نامی بین الاقوامی کتاب اور دنیا کی مشہور ترین ویب سائٹ ورلڈ ڈیٹا بینک میں پاکستان کا زائچہ اسی تاریخ کے مطابق موجود ہے۔

اس حوالے سے ایک مضبوط اختلاف محترم ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ آف راولپنڈی ہمیشہ سے کرتے آرہے ہیں، وہ پاکستان کا زائچہ 14 اگست صبح 09:30 am کے مطابق بناتے ہیں اور اسی کو پاکستان کا درست زائچہ تسلیم کرتے ہیں، ایک اور بین الاقوامی شہرت یافتہ ماہر نجوم بھارتی منجم آنجہانی بی وی رامن بھی اسی تاریخ اور وقت کو اہمیت دیتے ہیں۔

بھارتی منجموں کا حال خاصا مختلف ہے اور اس بات سے انکار ممکن نہیں ہے کہ وہ پاکستان کے وجود کو خاصی ناگواری کے ساتھ دیکھتے ہیں، تعصب اُن کی تحریروں میں نمایاں نظر آتا ہے، وہ بھی پاکستان کا زائچہ 14 اگست رات صفر بج کر صفر منٹ کراچی کے مطابق بناتے ہیں، پروفیسر رامن، سیتے رامن، سمہا راؤ اور کے این راؤ وغیرہ جیسے سینئر ترین ایسٹرولوجرز 14 اگست 1947ء صفر بج کر صفر منٹ کراچی کے مطابق زائچہ بناتے ہیں لیکن پاکستان کے زائچے پر بات کرنے کی ضرورت اسی وقت محسوس کرتے ہیں جب اپنے مطلب کی کوئی بات ثابت کرنا ہو۔

ہمارے پاس 1967ء کے ایسٹرولوجیکل میگزین کا فائل موجود ہے، دوران مطالعہ اچانک ہماری نظر ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ کے ایک خط پر پڑی جو اس میگزین میں شائع ہوا تھا اور ڈاکٹر صاحب نے پروفیسر رامن کے یا دیگر ہندو منجمین کے بنائے ہوئے پاکستانی زائچے پر اعتراضات کیے تھے لیکن اُن اعتراضات کا کوئی خاطر خواہ جواب آنجہانی ایڈیٹر پروفیسر رامن نے نہیں دیا تھا۔

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہم نے ایک بار بزرگ نجم کے این راؤ سے اس غلط روِیے پر بات کرنے کی کوشش کی لیکن کامیابی نہیں ہوسکی، اول تو وہ بہت زیادہ بیمار تھے دوم یہ کہ ان کی سائٹ پر عام طور سے ان کے شاگرد ہی سوالات کا جواب دیتے ہیں اور انہوں نے ہمارے سوالات کو زیادہ اہمیت نہیں دی۔

اس حوالے سے بین الاقوامی شہرت یافتہ ماہر نجوم پروفیسر وی کے چوہدری کا موقف سب سے الگ اور نرالا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ شمالی ہندوستان میں پروفیسر چوہدری جدید علم نجوم کے بانیوں میں سے ہیں، انہوں نے بہت سے کلاسیکل نظریات سے اختلاف کیا ہے اور ہم بھی اس حوالے سے اُن کی پیروی کرتے ہیں، اُن کی جدید تحقیقات کو اہمیت دیتے ہیں لیکن پاکستان کے حوالے سے اُن کا رویہ روایتی طور پر متعصبانہ ہے انہوں نے جو زائچہ بنایا ہے وہ بھی 14 اگست طلوع آفتاب کے مطابق ہے **مگر اس میں اس وقت کے رائج زون ٹائم کو نظر انداز کردیا ہے** جس کی وجہ سے طالع لگن تقریباً ایک درجہ 50 منٹ ٹوٹ جاتا ہے، اکثر مشہور منجمین نے اس سے اختلاف کیا ہے اور ہمیں بھی اختلاف ہے کیوں کہ اول تو دستاویزی ثبوت و شواہد اس کے خلاف ہیں، دوم یہ کہ زون ٹائم کے فرق کو نظر انداز کرنے کے حوالے سے کوئی مضبوط دلیل چوہدری صاحب نے کبھی پیش نہیں کی البتہ ان کے بعض شاگردان مختلف توجیہات پیش کرتے رہے ہیں جو اصولی اور اطمینان بخش نہیں ہیں اس کے برعکس 14 اگست صبح 9:30am پر بنایا گیا ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ صاحب کا زائچہ اس دلیل کے ساتھ قابل قبول ہوسکتا ہے کہ "ٹرانسفر آف پاور" کی تقریب اس وقت ہوئی تھی یہی زائچہ جب ہم نے آنجہانی کے نامور نجم جارج مچھلیتو کی سائٹ پر دیکھا تو حیرانی ہوئی اور ہم نے انہیں ایک ای میل کے ذریعے اطلاع دی کہ یہی زائچہ پاکستان کے ایک سینئر ایسٹرولوجر ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ بھی بناتے ہیں پھر ہم نے دستاویزی ثبوت و شواہد سے آگاہ کرتے ہوئے انہیں بتایا کہ پاکستان کی درست تاریخ پیدائش 15 اگست ہے، انہوں نے بھی اس حقیقت کو تسلیم کیا لیکن اس بات پر خصوصی زور دیا کہ ٹرانسفر آف پاور 14 اگست کو صبح 9:30am پر ہوگئی تھی اور وہ اسی وقت اور تاریخ کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں اُن کی یہ دلیل معقول اور قابل قبول ہوسکتی ہے، ہم نے ان سے پروفیسر چوہدری کے زائچے پر بھی بات کی وہ بھی ویدک ایسٹرولوجی میں چوہدری صاحب کے مقام اور مرتبے کا احترام کرتے ہیں اور ان کی جدید اصطلاحات کو فالو کرتے ہیں مگر ان کے زائچۂ پاکستان اور زائچۂ امریکہ سے اختلاف کرتے ہیں۔ اس حوالے سے جارج مچھلیتو ایک طویل عرصہ ملکوں اور شہروں کے زائچوں پر خصوصی طور سے کام کرنے کی شہرت رکھتے ہیں۔

قصہ مختصر یہ کہ پاکستان کے ایک سے زائد زائچے مختلف منجمین کے پیش نظر رہے ہیں لیکن اس حقیقت کو اکثر نظر انداز کیا جاتا ہے کہ پاکستان 71ء کی جنگ میں دولخت ہوگیا تھا اور اس کے بعد ایک نیا پاکستان وجود میں آیا ہم سمجھتے ہیں کہ اس سانحے کے بعد پاکستان کا نیا زائچہ بنانا چاہیے اور اُسے تجربے کی کسوٹی پر پرکھنا چاہیے۔

دنیا بھر میں یہ رواج عام ہے کہ کسی بڑی تبدیلی کے بعد ملکوں کے نئے زائچے بنائے جاتے ہیں، پروفیسر چوہدری امریکا کا زائچہ اس کے یوم آزادی کے مطابق نہیں بناتے بلکہ اس تاریخ اور وقت کے مطابق نیا زائچہ بناتے ہیں جب جزیرہ ہوائی کی ریاست کو ریاست ہائے متحدہ امریکا میں شامل کیا گیا، بزرگ ایسٹرولوجر کے این راؤ بھی اس اصول کو تسلیم کرتے ہیں اور انہوں نے **ایران، افغانستان، بنگلہ دیش اور روس یا دیگر ممالک کے زائچے ملک میں آنے والی غیر معمولی تبدیلیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بنائے ہیں، سابق سویت یونین کا نیا زائچہ اس کے ٹوٹنے کے بعد 1990ء کے مطابق اور ایران کا نیا زائچہ انقلاب ایران کے بعد کا بنایا جاتا ہے** اور دلچسپ بات یہ ہے کہ یہاں بھی بعض منجمین کے درمیان اصولی اختلافات موجود ہیں مثلاً ایران کے دو زائچے اور روس کے دو زائچے زیر بحث رہتے ہیں، بعض نجم ایران کا نیا زائچہ 11 فروری 1979ء یوم انقلاب کے مطابق بناتے ہیں اور بعض یکم اپریل 1979ء کے مطابق جب عام انتخابات کے بعد ایرانی پارلیمنٹ وجود میں آئی اور ملک کا نام اسلامی جمہوریہ ایران رکھا گیا، کچھ ایسے ہی تاریخ یا وقت کے اختلافات دیگر ملکوں کے زائچوں کے حوالے سے بھی سامنے آتے ہیں لہٰذا ہم سمجھتے ہیں کہ **پاکستان**

(بقیہ صفحہ نمبر 16 پر)

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN

PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Hijrah-Miladiah converter

حکومت برطانیہ کے گزٹ کا عکس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Gregorian-Hijri Dates Converter

You entered 14 / 8 / 1947

The conversion result is: Thursday 26 RamaDHaan 1366 A.H. *

*There is a small probability of one day error

You entered 15 / 8 / 1947

The conversion result is: Friday 27 RamaDHaan 1366 A.H. *

*There is a small probability of one day error.

جی ہاں! حقائق کچھ یوں ہیں کہ ہندوستان کی تقسیم ایک ہی دن 15 اگست 1947ء کو ہوئی۔ پاکستان اور بھارت (ہندوستان) وجود میں آئے۔ 14 اگست 1947ء کو 9 بجکر 35 منٹ صبح کراچی میں قائداعظم پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے اور اس شب 14/15 اگست کی درمیانی شب پاکستان وجود میں آ گیا۔ اس کے چند ثبوت: 1۔ پاکستان پوسٹ کے جاری ہونے والے ٹکٹ جن پر یوم آزادی 15 اگست 1947ء درج ہے۔ 2۔ نوائے لاہور پاکستان

یوم آزادی: جمعۃ المبارک 27 رمضان یا 15 اگست (از: ضیاء الدین لاہوری اپنی کتاب میں حوالوں کے ساتھ لکھتے ہیں)۔ آزادی پاکستان کا جشن ہر سال چودہ اگست کو منایا جاتا ہے۔ ہر پاکستانی بڑے یقین اور اعتماد کے ساتھ اس امر کا اظہار کرتا ہے کہ ہجری تقویم کے مطابق پاکستان 27 رمضان المبارک کو جمعۃ المبارک کے روز عالم وجود میں آیا۔ پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے معلوماتی مقابلوں میں جب قیام پاکستان کے حوالے سے 14 اگست 1947ء کے مقابل میں ہجری تاریخ اور یوم بتانے کو کہا جاتا ہے تو جواب درست مانا جاتا ہے۔ اس پر حاضرین تالیاں بجاتے ہیں اور جواب دینے کی تحسین کی جاتی ہے۔ ان پروگراموں کے علاوہ یوم آزادی کے بارے میں جو تقریبات منعقد ہوتی ہیں ان میں بھی اس بات کا خاص طور پر ذکر کیا جاتا ہے۔ سرکاری دستاویزات کی مصدقہ تفصیلات دستیاب ہیں تو تاریخ و یوم کی درست مطابقت کی کوشش کیوں نہیں کی جاتی؟

ان تمام شواہد سے ہم نہایت وثوق کیساتھ کہہ سکتے ہیں کہ 14 اگست 1947ء کو جمعرات، جمعرات کا روز تھا اور 15 اگست کو جمعہ کا دن تھا۔

جمعرات 14 اگست 1947ء مطابق 26 رمضان المبارک 1366ھ

جمعہ 15 اگست 1947ء مطابق 27 رمضان المبارک 1366ھ

جنتری کے اندراجات سے:

جو تحریک اور تقسیم کے دور میں نہ پڑھنے والے قارئین کیلئے ایک جنتری موسومہ "جہانگیر صد سالہ جنتری" مطبوعہ لاہور 1970ء سے ماہ اگست 1947ء کے نصف اول کی تفصیلات کی عکسی نقل پیش کی جاتی ہے۔ اس سے بھی حسابی قاعدہ سے معلوم کردہ یوم کی تصدیق ہوتی ہے کہ 14 اگست 1947ء کو جمعرات کا روز تھا۔

اگست 1947			
[illegible]	١	١٣	١٤
[illegible]	٢	١٤	١٨
[illegible]	٣	١٥	١٩
[illegible]	٤	١٦	٢٠
[illegible]	٥	١٧	٢١
[illegible]	٦	١٨	٢٢
[illegible]	٧	١٩	٢٣
[illegible]	٨	٢٠	٢٤
[illegible]	٩	٢١	٢٥
[illegible]	١٠	٢٢	٢٦
[illegible]	١١	٢٣	٢٧
[illegible]	١٢	٢٤	٢٨
[illegible]	١٣	٢٥	٢٩
[illegible]	١٤	٢٦	٣٠
[illegible]	١٥	٢٧	٣١

برطانیہ کے سرکاری ریکارڈ سے 8 جولائی 1947ء

دفعہ (۱) شق (۱): "چودہ اگست سنہ انیس سو سینتالیس سے ہندوستان میں دو آزاد فرماں روا مملکتیں قائم ہوں گی جو بالترتیب ہندوستان اور پاکستان کے نام سے موسوم ہوں گی۔۔۔"

دفعہ (۱) شق (۲): "آگے چل کر اس قانون میں بیان کردہ فرماں روا مملکتوں کا ذکر "نئی فرماں روا مملکتیں" کے حوالے سے اور اگست کی متذکرہ چودہ تاریخ کا ذکر "مقررہ دن" کے حوالے سے کیا گیا ہے۔ (صفحہ ۳۳۴)

☆ 7 اگست 1947ء (اقوام متحدہ میں برطانیہ کے مستقل نمائندے کے نام دفتر خارجہ کا تار)۔۔۔۔ اب وائسرائے سے تار ملا ہے کہ مسلمان لیڈر اقوام متحدہ کی رکنیت کیلئے درخواست دینے کو تسلیم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ برطانیہ فوری طور پر پاکستان کی طرف سے درخواست دائر کرے تاکہ جب پاکستان 15 اگست کو ایک آزاد مملکت بن جائے گا۔

ویب سائٹس سے:

ہم نے ایک ویب سائٹ کے ذریعے اگست 1947ء کا کیلنڈر حاصل کیا۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ چودہ اگست کو جمعرات کا روز تھا، جمعہ کا نہیں جو کہ مشہور ہے۔ جمعۃ المبارک اس سے اگلے روز چودہ اگست 1947ء کو تھا۔

Scanned By Amir

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

14 - 08 - 1947
سالگرہ پاکستان 54 دن
68 - 08 - 1947
31 یوم اگست 31
37
30 یوم ستمبر 39
07 - 10 - 1947
بمطابق اسلام آباد

14 اگست 2001ء میں پاکستان کے آئندہ حالات دیکھنے کے لیے 7 اکتوبر 1947ء کا زائچہ بنایا جائے گا۔

(13) پروفیسر محمد افضل آف لاہور اور پوسٹ ایم اے ملک کے نزدیک پاکستان کا شمسی زائچہ برج اسد ہوتا ہے۔

(14) سالگرہ کا زائچہ جسے ورش پھل بھی کہتے ہیں۔ یہ بھی پیدائشی زائچہ سے درست جمع کر کے بنایا جاتا ہے۔

پاکستان کی 53 (ورش پھل) سالگرہ کا زائچہ اسلام آباد

14 اگست 2000ء تا 13 اگست 2001ء تک

پاکستان کی 54 (ورش پھل) سالگرہ کا زائچہ اسلام آباد

14 اگست 2001ء تا 13 اگست 2002ء تک

میں نے تحقیقی علم نجوم کے قواعد بیان کر دیے ہیں۔ میری خواہش ہے کہ محققین حل پیش کریں کہ پاکستان کا کون سا زائچہ کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ جذبہ حب الوطنی کے تحت اس بات کو اتنا مسئلہ نہ بنائیں۔ چونکہ دشمن سے ہی سب پھیلا رہے ہیں۔ دشمنوں کے منہ میں خاک تو 2020 میں پاکستان کو دنیا کے نقشے سے غائب کر رہا ہے۔ جبکہ پاکستان قائم ہے اور قائم رہے گا۔ انشاءاللہ

پاکستان کے نئے تحقیقی زائچہ کے ساتھ پرانے پرنٹ شدہ یادداشت زنجانی جنتری 2001ء سے

2020ء میں کیا پاکستان ختم ہو جائے گا۔ اس فرضی سوال کا جواب؟

جواب: علم نجوم کا سادہ سا اصول ہے کہ منقلب بروج حمل، سرطان، میزان اور جدی میں کوئی کام کیا جائے تو پیدا پائیدار نہیں رہتا۔

1971ء میں آدھا ملک ٹوٹ گیا۔ نئے زائچہ پاکستان میں ثابت برج ثور طلوع ہے۔ پاکستان ہمیشہ قائم رہے گا۔ دشمنوں کے منہ میں خاک

پاکستان زندہ باد

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کا نیا زائچہ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد بنانا چاہیے اور اس حوالے سے بھی تین موقف ہو سکتے ہیں اول یہ کہ سقوط ڈھاکا کی تاریخ 16 دسمبر 1971ء شام 04:41 pm بمقام ڈھاکا یا 03:41 pm بمقام اسلام آباد لی جائے یا پھر ٹرانسفر آف پاور کی تاریخ 20 دسمبر 1971ء لی جائے یا پھر آئین پاکستان کے نفاذ کی تاریخ لی جائے جو 14 اگست 1973ء ہے' دلچسپ بات یہ ہے کہ تینوں صورتوں میں طالع ثور ہی زائچے میں طلوع ہوتا ہے اور اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

اس سلسلے میں ہم نے نئے پاکستان کا زائچہ بھی بنایا جو سقوط ڈھاکا کے بعد 1973ء کے آئین کا زائچہ ہے لیکن یہ بھی بھرپور نتائج دینے میں ناکام نظر آیا ۔شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ آئین میں اکثر و بیشتر ترامیم کا سلسلہ جاری رہتا ہے' بالآخر ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ **سقوط ڈھاکا کے فوراً بعد اقتدار کی منتقلی کا عمل نئے پاکستان کا نقطہ آغاز تھا, اقتدار کی یہ منتقلی 20 دسمبر 1971ء کو ہوئی جب جناب ذوالفقار علی بھٹو نے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور صدرِ پاکستان کی حیثیت سے اسلام آباد میں دوپہر 02:58:20 pm پر حلف اٹھایا اور جب شام 4 بجے وہ پریزیڈنٹ ہاؤس سے نکلے تو ان کی گاڑی پر قومی پرچم لہرا رہا تھا۔**

اس زائچے کے مطابق پاکستان کا پیدائشی برج **ثور 3 درجہ 33 دقیقہ** ہے' گزشتہ تقریباً دو سال سے ہم اس زائچے کو جانچ پرکھ رہے ہیں اور موجودہ یا ماضی کے حالات کا تجزیہ اس کی روشنی میں کرتے رہے ہیں' ہم نے اس کے نتائج کو بہت بہتر پایا ہے' دیگر اہل علم بھی اس پر اظہار خیال کر سکتے ہیں اور زائچے کی خوبیوں یا خامیوں پر مفید مکالمہ ہو سکتا ہے' بشرطیکہ اس کا انداز علمی ہو۔

ہم یہاں اس زائچے کے چند بنیادی مسائل پر روشنی ڈالیں گے' ضروری نہیں ہے کہ دیگر اہل علم ہمارے تجربے سے متفق ہوں' وہ اختلاف رائے کا پورا حق رکھتے ہیں مگر اختلاف رائے کے لیے معقول دلیل و جواز ضروری ہے۔

اس زائچے میں طالع برج ثور 3 درجہ 33 دقیقہ طلوع ہے لہٰذا ہمارے طریق کار کے مطابق زائچے کا ہر گھر تقریباً 3 درجہ تصور کیا جائے گا' طالع کا حاکم اگرچہ سیارہ زہرہ ہے لیکن وہ چھٹے گھر کا بھی حاکم ہے لہٰذا اپنے اثرات میں فعلی منحوس قرار پائے گا کیوں کہ زہرہ کا سول ٹرائن برج چھٹے گھر میں گرتا ہے' اس کے علاوہ مریخ' مشتری اور راہو کیتو اس زائچے کے فعلی منحوس سیارگان ہیں جو اپنے دور میں اچھا اثر نہیں دیں گے اور ٹرانزٹ کے دوران میں بھی نقصانات کا باعث ہوں گے' مشتری اس زائچے کا سب سے منحوس سیارہ ہے کیوں کہ آٹھویں گھر کا حاکم ہے۔

قمر' شمس' عطارد اور زحل زائچے کے فعلی سعد سیارگان ہیں جو اپنی طاقت کے مطابق اپنے دور میں مثبت اور سعد اثر دیں گے۔

سیارہ زحل طالع میں نویں دسویں گھر کا حاکم ہو کر اگرچہ اچھی جگہ مضبوط پوزیشن میں ہے لیکن نویں گھر سے راہو کی نظر قبول کر رہا ہے' کیتو تیسرے گھر میں اور عطارد اور مشتری ساتویں گھر میں ہیں' عطارد مضبوط اور طاقت ور ہے اور اچھی جگہ ہے لیکن مشتری کمزور ہے۔

سیارہ شمس آٹھویں گھر میں ہے اور نہایت کمزور اور خراب جگہ ہے' طالع اور چھٹے گھر کا حاکم زہرہ ہے اگرچہ اچھی جگہ ہے یعنی نویں گھر میں لیکن کمزور ہے' قمر مضبوط اور اچھے گھر میں ہے یعنی نویں میں لیکن زہرہ کی قربت سے متاثرہ ہے' زہرہ نویں اور تیسرے گھر کو بھی متاثر کر رہا ہے۔ یہاں راہو بھی موجود ہے' سیارہ مریخ گیارھویں گھر میں تقریباً 3 درجے پر ہے اور کمزور ہے' مریخ کی نظر دوسرے' پانچویں' چھٹے اور گیارھویں گھر پر ہے اور یہ بارھویں گھر کا حاکم ہے جو نقصان کا گھر ہے' اسی وجہ سے فوج اور بیوروکریسی کا عمل دخل ابتدا ہی سے زیادہ رہا اور نئے پاکستان کا آئین نافذ العمل ہونے کے بعد بھی طویل عرصہ معطل رہا یا اس میں نظریہ ضرورت کے تحت ترامیم ہوتی رہیں' مریخ کی نظر کا بگاڑ زمانی عدم استحکام' فضول اور بے مقصد سرگرمیوں میں وقت کا زیاں' علمی شعور کی کمی' غفلت شعاری' کرپٹ انتظامیہ اور اسمبلی میں ذاتی مفاد پرستی کا رجحان ظاہر کرتا ہے۔

زائچے میں نہایت دلچسپ پوزیشن نویں دسویں گھر کے حاکم سیارہ زحل کی ہے جو

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سربراہ مملکت (صدر یا وزیراعظم) اور حکومتی کابینہ کی نشان دہی کرتا ہے' زحل زائچے کا فعلی سعد سیارہ ہے اور طالع میں ہونے کی وجہ سے اچھی پوزیشن رکھتا ہے لیکن راہو کی نظر کا شکار ہے' راہو سیاست کا نمائندہ ہے اور مکروفریب اس کی بنیادی خصوصیات میں شامل ہے، کرپشن' اسکینڈل' اخلاقی پستی' عیاشی، جاسوسی وغیرہ بھی راہو کا طرۂ امتیاز ہیں لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ سربراہ مملکت خواہ کتنا ہی مضبوط اور طاقت ور کیوں نہ رہا ہو اس پر مختلف بدعنوانیوں کے الزامات ضرور لگے اور کوئی نہ کوئی رسوائی اس کے حصے میں آئی' یہ سلسلہ نئے پاکستان کی ابتدا ہی سے جاری ہے اور اب انتہا کو پہنچ گیا ہے' پہلے صدر اور وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو بھی الزامات سے نہیں بچ سکے پھر محترمہ بے نظیر بھٹو' جناب نواز شریف' جنرل پرویز مشرف' صدر آصف علی زرداری' وزیراعظم یوسف رضا گیلانی' راجہ پرویز اشرف اور اب ایک بار پھر جناب نواز شریف بہت سے الزامات کی زد میں ہیں، یہ سب پراسرار راہو کا کمال ہے' گویا آج تک بھی کسی صدر یا وزیراعظم کی عزت و شہرت محفوظ نظر نہیں آتی' یہی صورت حال ماضی یا حال کی ہر کابینہ کی بھی نظر آتی ہے جس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

زائچے کا تیسرا گھر نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے، یہ عمل کاری اور کوشش یا اقدام کو ظاہر کرتا ہے' قمر اس گھر کا مالک ہو کر نویں گھر میں سیارہ زہرہ کے ساتھ ایک قریبی قران کی حالت میں ہے' قمر فعلی سعد سیارہ ہے لیکن زہرہ فعلی نحس ہے' چھٹے گھر کا تعلق فوج، عدلیہ، پولیس اور دیگر انتظامی مشینری کے علاوہ اختلافات' تنازعات اور مختلف عوارض سے ہے اور تیسرے اور چھٹے گھر کے مالکان کا یہ اجتماع نویں آئین و قانون اور قسمت کے گھر میں ہو رہا ہے لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ ملک کا مجموعی ذہنی رجحان اختلافات اور تنازعات یا مختلف عوارض سے عبارت ہے' آئین اور قانون کی کوئی قدرومنزلت نہیں ہے' عام لوگوں کے لیے آئین کچھ اور ہیں اور خواص کے لیے کچھ اور، نئے فیصلے اور اقدام ہمیشہ متنازع ہو جاتے ہیں، خواہ وہ ملک و قوم کی بہتری کے لیے ہی کیوں نہ ہوں، یہ سلسلہ تا حال جاری ہے۔

اس زائچے کے زیر اثر آنے کے فوراً بعد لسانی اختلافات نمایاں ہونے' پاکستانیت کی اہمیت کم ہوئی اور علاقائی شناخت کو ابھارا گیا' سندھ میں لسانی بل نے وہ طوفان اٹھایا جس کا نتیجہ آج ایم کیو ایم کی صورت میں موجود ہے' دیگر صوبوں میں بھی ایسے ہی مسائل موجود ہیں اور بلوچستان میں بھٹو صاحب نے گورنر راج لگا کر شدید اختلافی صورت حال پیدا کر دی تھی' سرحد میں بھی جمہوری حکومت کو ختم کیا گیا اور منتخب قیادت کو جیلوں میں ڈال دیا گیا' یہاں ہمارا مقصد بعض اہم واقعات کی نشان دہی کرنا ہے' پاکستان کی 1971ء سے شروع ہونے والی تاریخ دہرانا نہیں ہے' اہل نظر خود قمر اور زہرہ کے قران سے پیدا ہونے والی خرابیوں کا جائزہ لے سکتے ہیں کہ آج اس ملک پاکستان میں ہمیں کوئی پاکستانی نظر نہیں آتا' پاکستانی فوج کے علاوہ۔

زائچے کا چھٹا گھر مقدمات' قرض اور انتخابات سے بھی متعلق ہے 1971ء سے اب تک ہمیں ورلڈ بینک کا محتاج ہی رہنا پڑا ہے اور 1977ء سے 2013ء تک کوئی بھی الیکشن ایسا نہیں ہوا جس پر اختلاف یا تحفظات نہ پائے جاتے ہوں، یہ تمام مسائل تیسرے گھر کے حاکم قمر اور چھٹے گھر کے مالک زہرہ کی نویں گھر میں پوزیشن کا باعث ہیں۔

زائچے کی بنیادی کمزوریوں اور خرابیوں کے بعد خوبیوں پر نظر ڈالنا بھی ضروری ہے' طالع ثور ایک ثابت برج ہے جو استحکام اور مضبوطی کی علامت ہے لیکن زہرہ زائچے میں کمزور ہے' قمر زحل اور عطارد کی اچھی پوزیشن ملک کی ترقی کے سفر میں معاون و مددگار ہے' ہر چند کے چوتھے گھر کا حاکم شمس آٹھویں گھر میں کمزور ہے جس کی وجہ سے ملک میں ابتدائی تعلیم کا معیار نہایت غیر تسلی بخش ہے اور ہم ملک میں موجود قدرتی وسائل سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھا رہے ہیں لیکن پانچواں گھر جو اعلیٰ تعلیم سے متعلق ہے اور عمدہ شعور عطا کرتا ہے اس کا حاکم عطارد ساتویں گھر میں مضبوط اور اچھی جگہ ہے' ساتواں گھر بیرون ملک سفر کا گھر ہے لہٰذا اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک جانا ضروری ہو گیا ہے' مریخ کی پانچویں گھر پر نحس نظر اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں رکاوٹ کا باعث ہے' مزید یہ کہ ہمیں جو بھی شعور حاصل ہوتا ہے وہ بیرون ملک ہی سے ہوتا ہے' مزید یہ کہ اکثر وزیراعظم یا دیگر اہم باشعور افراد بھی ہمیں باہر سے ہی منگوانے پڑتے ہیں، یہ بھی کسی ملک میں کبھی نہیں ہوا ہوگا کہ کسی اور ملک کے شہری اس ملک کے وزیراعظم، گورنر یا دیگر اہم عہدوں پر فائز ہوں، بیک وقت دو ملکوں کی شہریت رکھتے ہوں اور ان سے باز پرس کرنے والا کوئی نہ ہو' ملک کی باشعور کہلانے والی سیاسی اشرافیہ کی رہائش اور کاروبار دوسرے ملکوں میں ہو۔

زحل زائچے میں سربراہ مملکت اور کابینہ کے علاوہ پیشہ ورانہ معاملات اور عزت و وقار کا بھی نمائندہ ہے' زائچے کے تیسرے' ساتویں اور دسویں گھر کو ناظر ہے جس کی وجہ سے بہت سے اچھے اقدام اور مثبت کاموں کی ابتدا ہوتی ہے مگر چونکہ راہو کی نگاہ پر فریب زحل پر ہے لہٰذا انجام بخیر نہیں ہوتا' موجودہ پاک چین معاہدات جیسے مفید منصوبے پہلی مرتبہ اس ملک میں شروع نہیں کیے گئے' ماضی میں بھی بڑے بڑے

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

شاندار منصوبوں کی بڑی دھوم دھام سے ابتدا ہوتی رہی ہے اور عوام کو سہانے خواب دکھائے جاتے رہے ہیں لیکن عوام کا اور ملک کا آج بھی وہی حال ہے جو برسوں پہلے تھا ہماری نظر میں اس خرابی کی بھی بڑی وجہ تیسرے اور چھٹے گھر کے مالکان قمر و زہرہ کے درمیان بگاڑ ہے' ملکی تعمیر میں مضمر ہے یہی صورت خرابی کی ہے۔

زائچے کی درستی کو جانچنے کے لیے ہم چند اہم اور نمایاں واقعات کو لیں گے، پہلا اہم ترین واقعہ 5 جولائی 1977ء کا مارشل لا تھا جس میں ایک منتخب وزیر اعظم کو گرفتار کرلیا گیا، اس دوران میں قمر کے دور اکبر میں سب سے منحوس سیارے مشتری کا دور اصغر اور چھٹے گھر کے حاکم زہرہ کا سب سب پیریڈ جاری تھا، ٹرانزٹ میں مریخ زائچے کے بارھویں گھر میں، زہرہ پہلے گھر میں طالع کے درجات اور ساتویں گھر کے درجات سے قران کر رہا ہے۔ دسویں گھر کے حاکم زحل پر کیتو کی نظر ہے جب کہ ٹرانزٹ کا مشتری پیدائشی مشتری سے ناظر اور مریخ بھی مشتری سے ناظر ہے جو آٹھویں گھر کا حاکم ہے، کیتو کی نظر بھی مشتری پر ہے۔

4 اپریل 1979ء جناب ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دے دی گئی، قمر کا دور اکبر، زحل کا دور اصغر اور مریخ کا دور صغیر جاری ہے، ٹرانزٹ میں مریخ دوسرے، پانچویں، چھٹے اور گیارھویں گھر سے پوری نظر رکھتا ہے، مشتری سب سے منحوس سیارہ تیسرے، ساتویں، نویں اور گیارھویں گھر سے ناظر ہے، تیسرا گھر ملک کے ایک ذہین شخص کو ظاہر کرتا ہے، نواں گھر آئین بنانے والے اور گیارھواں گھر پارلیمانی نقصانات کو ظاہر کر رہا ہے۔

زائچے میں قمر کا دور اکبر جاری تھا جب تین مارچ 1981ء سے کیتو کا دور اصغر شروع ہوا، ہم پوری طرح حالت جنگ میں آگئے اور ہمارا حریف دنیا کی دوسری سپر پاور سوویت یونین تھا، 2 اکتوبر 1981ء سے، 2 جون 1983ء تک چھٹے گھر کے حاکم زہرہ کا دور اصغر ملک میں مزاحمتی تحریکوں کا باعث رہا، اسی دوران میں ایم آر ڈی کی تحریک بھی چلی، بارھویں گھر کے حاکم مریخ کا دور اکبر 2 دسمبر 1983ء سے شروع ہوا اور سات سال رہا، اس میں بدترین اوقات وہ ہیں جب مشتری کا دور اصغر مئی 1981ء سے اپریل 1986ء تک جاری رہا، آمریت کے زیر سایہ ایک جمہوری نظام قائم کیا گیا، اس میں غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات کرائے گئے لیکن یہ لولا لنگڑا جمہوری نظام زیادہ عرصے نہیں چل سکا۔ 30 مئی 1988ء سے مریخ کے دور اکبر میں کیتو کا دور اصغر نہایت اہمیت کا حامل ہے، دیگر اہم واقعات کے علاوہ اس سال 17 اگست 1988ء کو جنرل ضیاء الحق کے طیارے کو بدترین حادثہ پیش آیا، ٹرانزٹ پوزیشن میں سب سے منحوس سیارہ مشتری سربراہ مملکت کے خانے دسویں کو ناظر ہے۔

چند دیگر چیدہ چیدہ واقعات اختصار کے ساتھ پیش خدمت ہیں، 6 اگست 1990ء پیپلز پارٹی کی حکومت کا خاتمہ، مشتری زائچے کے تیسرے، ساتویں، نویں اور گیارھویں گھر سے ناظر ہے، اس کے علاوہ پیدائشی قمر، مریخ اور زہرہ سے بھی ناظر ہے۔

2 دسمبر 1990ء سے راہو کا دور اکبر شروع ہوا، اُس وقت جناب نواز شریف کی پہلی حکومت قائم ہوئی لیکن دور اصغر بھی راہو کا تھا لہٰذا حالات میں خرابیاں پیدا ہوتی رہیں اور بالآخر 14 اگست 1993ء کے بعد جب مشتری کا دور اصغر شروع ہوا تو پھر نئے الیکشن اور محترمہ کی دوسری حکومت جس کا خاتمہ 1996ء میں ہوا۔

جنرل پرویز مشرف نے جمہوری حکومت کا تختہ 12 اکتوبر 1999ء میں الٹا، راہو کے دور اکبر میں زہرہ کا دور اصغر اور قمر کا دور صغیر اور پھر زہرہ کا اس سے چھوٹا پیریڈ جاری تھا، ٹرانزٹ پوزیشن اس وقت بھی توجہ طلب ہے، مشتری چوتھے، چھٹے، آٹھویں اور بارھویں گھر سے ناظر ہے، مزید پیدائشی شمس پر بھی نظر ڈال رہا ہے، مریخ بھی پیدائشی شمس سے ناظر ہے، مریخ زائچے کے دوسرے، تیسرے، آٹھویں، گیارھویں گھر سے ناظر ہے۔

8 اکتوبر 2005ء کو پاکستان میں قیامت خیز زلزلہ آیا، اس وقت راہو کا دور اکبر جاری تھا اور آٹھویں گھر میں قابض شمس کا دور اصغر جب کہ راہو کا ہی دور صغیر، سب سے چھوٹا پیریڈ مشتری کا ہے جو خانہ حادثات کا حاکم ہے، مریخ اور زہرہ ٹرانزٹ میں چھٹے گھر میں ہے اور مشتری آٹھویں گھر میں، مریخ کی نظر قمر، زحل اور پیدائشی راہو پر ہے جب کہ کیتو مشتری اور عطارد سے ناظر ہے۔

آیئے زائچے کی تازہ صورت حال پر نظر ڈال لی جائے۔ سیارہ زحل گزشتہ سالوں میں راہو کے ساتھ چھٹے گھر سے گزر رہا ہے لہٰذا اعلیٰ عہدوں پر متمکن افراد کی ذات سے مالی کرپشن اور دیگر بدعنوانیوں کے الزامات وابستہ ہیں، یوسف رضا گیلانی اور راجہ پرویز اشرف ابھی تک مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں، 2013ء کے الیکشن بھی اسی عرصے میں ہوئے جو متنازع رہے اور تا حال یہ تنازعہ جاری ہے، اس حوالے سے ایک جوڈیشل کمیشن کام کر رہا ہے، زحل اب گزشتہ نومبر سے ساتویں گھر میں آگیا

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہے جو ایک اچھی پوزیشن ہے۔ ساتویں گھر کے درجات سے قران اور نویں، پہلے اور چوتھے گھر پر سعد نظر ڈال رہا ہے۔ اسی نظر کا فیضان موجودہ پاک چین معاہدہ ہے لیکن دوسری طرف مشتری جو زائچے کا سب سے منحوس سیارہ ہے تیسرے اپنے شرف یافتہ گھر سے گزر رہا ہے۔ یہ گزشتہ سال جون میں تیسرے گھر میں داخل ہوا تھا، تیسرے گھر کے علاوہ ساتویں اور گیارہویں گھر کو ناظر رہا تھا جو کچھ ہوا وہ قارئین بھولے نہیں ہوں گے پارلیمنٹ کا وجود خطرے میں پڑ گیا تھا۔

پاکستان کے زائچے میں یکم دسمبر 2008ء سے مشتری کا دور اکبر جاری ہے جو منحوس اثر ہے کیوں کہ زائچے کا سب سے منحوس سیارہ بھی ہے لیکن فعال اثر ہمیشہ دور اصغر کا قابل توجہ ہوتا ہے۔ اس حوالے سے مشتری کے دور اکبر میں مشتری ہی کا دور اصغر 20 جنوری 2011ء تک رہا۔ اس تمام عرصے کو کسی اعتبار سے بھی ایک اچھا ٹائم نہیں کہا جا سکتا، بہرحال 2 اگست 2013ء سے عطارد کا دور اصغر جاری ہے اور شاید یہی وجہ ہے کہ خراب ٹرانزٹ کے باوجود حکومت احتجاجی مراحل سے خیر و خوبی کے ساتھ گزر گئی اور اس کے ساتھ ہی اصلاح احوال کے لیے بہت سے مثبت اقدام کیے گئے جن کے بہتر نتائج سامنے آ رہے ہیں' آپریشن ضرب عضب بھی اسی عرصے میں شروع ہوا اور کراچی آپریشن بھی۔

عطارد زائچے کا فعلی سعد سیارہ ہے۔ اس کا دور 8 نومبر 2015ء تک جاری رہے گا لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ سعد دور کے دوران میں اگر نحس یا بدترین ٹرانزٹ آ جائیں تو حالات نارمل یا بہتر رہیں گے، اصول یہ ہے کہ ٹرانزٹ کا اثر پیریڈ کے اثر پر غالب رہتا ہے اور خاص طور سے ایسی صورت میں جب دور اکبر ایک فعلی منحوس کا ہو تو دور اصغر ہر چند فعلی سعد کا ہو تو یہ زیادہ اچھی بات نہیں ہوگی، اسے صرف ایک کمزور سہارا کہا جا سکتا ہے۔

جہاں تک آنے والے مہینوں میں سیاروی ٹرانزٹ کا معاملہ ہے تو وہ کوئی زیادہ خوش کن نظر نہیں آتے، مشتری اسی سال جولائی میں زائچے کے چوتھے گھر میں داخل ہوگا اور فوری طور پر چوتھے، آٹھویں، دسویں اور بارہویں گھر کو متاثر کرے گا۔ مزید یہ کہ چوتھے گھر کے حاکم کو بھی متاثر کرے گا۔ یہ صورت حال خاصی خطرناک ہو سکتی ہے۔ اس وقت میں آفات ناگہانی جیسے زلزلہ وغیرہ یا دیگر نوعیت کے حادثات و سانحات پیش آ سکتے ہیں اور یہ وقت حکومت کے لیے بھی خاصا مشکل ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ اس سال بھی گزشتہ سال کی طرح 15 جولائی سے شروع ہونے والا وقت نہ صرف حکومت مخالف ہوگا بلکہ اور بھی بہت سے نئے محاذ کھولے گا، بہرحال ہر صورت میں اس خراب صورت حال کا ادراک ہمیں ہی ہو جائے گا۔

عمران خان اس سال نئے الیکشن کی بات بار بار کر رہے ہیں' مشتری کا زائچے کے چوتھے گھر میں داخلہ اور پیدائشی شمس پر مشتری کی نظر کے علاوہ راہو کیتو کا اگست سے زائچے کے پہلے دوسرے پانچویں ساتویں نویں اور گیارہویں گھر کو متاثر کرنا ایسی صورت حال پیدا کر سکتا ہے جیسی کہ ہم گزشتہ سال اگست ستمبر میں دیکھ چکے ہیں، اس کے علاوہ چوں کہ مشتری چوتھے گھر میں رہتے ہوئے آٹھویں، اور بارہویں گھر کو بھی ناظر ہوگا لہٰذا بڑے نقصانات، حادثات اور سانحات کا باعث بھی ہو سکتا ہے۔

جیسا کہ ابتدا میں چھٹے گھر کے حاکم زہرہ کی نویں گھر میں حساس پوائنٹ پر تعینانی کے بارے میں ہم بتا چکے ہیں اور تیسرے گھر کے حاکم قمر سے اس کا قران جو خرابیاں پیدا کر رہا ہے اس پر بھی گفتگو ہو چکی ہے مگر ایک اہم ترین اور غور طلب بات یہ بھی ہے کہ زہرہ کی یہ پوزیشن سن 73ء کے آئین کی بھی دشمن ہے اور اول دن ہی سے آئین کی حکمرانی کے قیام میں ایک مزاحمتی کردار ادا کر رہی ہے' تازہ صورت حال یہ ہے کہ اب لوگ نئے آئین کی ضرورت پر زور دینے لگے ہیں، ملک میں نئے انتظامی یونٹ بنانے کے لیے بھی آئین میں ترمیم کی ضرورت ہے جو بہرحال اس ملک کی اشرافیہ کے مفاد میں نہیں ہے، اب تک آئین میں ترمیم ہو چکی ہوتی اور نئے یونٹ بنائے جا چکے ہوتے' اب کراچی سے بھی ایسے مطالبات سامنے آ رہے ہیں جیسے پنجاب سے سرائیکی صوبے کے بارے میں یا ہزارہ صوبے کے بارے میں آتے رہے ہیں لہٰذا اس امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ اس سال کے آخر میں نئی آئین سازی کے مطالبات مزید زور پکڑ جائیں لیکن شاید یہ کام اس سال نہ ہو سکے بلکہ 2016ء میں جب مشتری پانچویں گھر میں داخل ہوگا تو یہ کام ہو سکے گا۔

عزیزان من! ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں کہ مذکورہ بالا زائچہ پاکستان ہماری ذاتی تحقیق اور تجربہ ہے ضروری نہیں ہے کہ اس سے دیگر لوگ بھی اتفاق کریں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ اختلاف کرنے والوں کو بھی اپنے تجربے اور تحقیق کو سامنے لانا چاہیے تاکہ اس پر علمی انداز میں گفتگو ہو سکے، ہم جو کچھ درست سمجھتے ہیں وہ پیش کر دیا ہے۔

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

نیا کراچی اب 45 سال کا ہو گیا ہے آج سے 46 سال قبل جب جنرل آغا محمد یحییٰ خان نے ون یونٹ توڑا تو کراچی کو سندھ میں شامل کر کے، سندھ کا دارالحکومت بنا دیا گیا، قانونی طور پر اس حکم کا اطلاق یکم جولائی 1970ء شب صفر بج کر صفر منٹ پر ہوا، ہم کراچی کا اور سندھ کا زائچہ اسی تاریخ اور وقت کے مطابق بناتے ہیں۔

ملک و قوم سے متعلق اہم فیصلے اور اقدام اگر اچھے ایسٹرولوجیکل ٹائم کے مطابق کیے جائیں تو بہت مفید ثابت ہوتے ہیں، عباسی دور حکومت میں جب ایک نئے شہر بغداد کی بنیاد رکھنے کی تیاری شروع ہوئی تو اس زمانے کے ایک مشہور منجم سے رابطہ کیا گیا اور اس نے بنیاد رکھنے کی تاریخ اور ٹائم مقرر کیا لیکن فی زمانہ اب ان باتوں کو اہمیت نہیں دی جاتی جس کے نتائج بعد میں عوام الناس کو بھگتنا پڑتے ہیں، کراچی کی سندھ میں شمولیت اور دارالحکومت کی حیثیت کا وقت اور تاریخ بھی کچھ ایسی ہی ہے جس میں بھلائی کے پہلو کم ہیں اور مسائل زیادہ لہٰذا نیا کراچی اپنے آغاز ہی سے کچھ ایسی صورت حال میں مبتلا ہے کہ تحمل شاعر۔

جو قتل اٹھتا ہے یہ پہلو تو وہ پہلو بدلتے ہیں

جیسا کہ ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں کہ کراچی تقریباً اکتوبر 2010ء سے (زائچے کے مطابق) خراب ادوار سے گزر رہا تھا، اب بہر حال قمر کا دور اصغر جاری ہے جو زائچے کا کمزور سیارہ ہے مگر بہر حال اصلاح احوال میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے، البتہ سیارگان کی ٹرانزٹ پوزیشن بہر حال بہت اچھی نہیں ہے، خاص طور پر سیارہ زحل چوں کہ زائچے کا منحوس اور نقصان دینے والا سیارہ ہے اور نویں گھر میں حرکت کر رہا ہے، گیارھویں، تیسرے، چھٹے اور خود نویں گھر کو متاثر کر رہا ہے، گیارھواں گھر قواعد اور اسمبلی سے متعلق ہے اور تیسرا گھر فیصلے اور اقدام کو ظاہر کرتا ہے جب کہ چھٹا گھر بیجمنٹ اور بیورو کریسی کا ہے، زحل کی نظر نے ان گھروں کی منسوبات کو متاثر کیا ہے، مینجمنٹ نام کی کوئی چیز نظر نہیں آتی اور بیورو کریسی جو کرپشن میں ڈوبی ہوئی تھی، اب عذاب میں مبتلا نظر آتی ہے بعض اعلیٰ افسران فرار کی راہ ڈھونڈ رہے ہیں، زائچے کے پانچویں گھر میں دسویں گھر کا حاکم مشتری اور زائچے کا سب سے منحوس سیارہ باہم قران کر رہے ہیں۔ یہ صورت حال گورنر اور وزیر اعلیٰ اور کابینہ کے لیے نہایت خطرناک ہے، ان کی ساکھ بری طرح متاثر ہو رہی ہے کیوں کہ وزیر اعلیٰ صاحب کو ٹیم کے کپتان کا درجہ حاصل ہے اور ٹیم کی کارکردگی پر حال ہی میں جو رپورٹ رینجرز نے پیش کی ہے وہ خاصی چشم کشا ہے' کراچی کے زائچے کی روشنی میں جون کے تیسرے ہفتے سے آپریشن کا رخ جس تیزی سے سندھ حکومت کی طرف ہو گیا ہے، اس کا زور اکتوبر تک بہت زیادہ اور سال کے آخر تک کسی نہ کسی حد تک برقرار رہے گا۔

عزیزان من! کراچی کے زائچے میں سیارہ زحل نقصانات اور پریشانیوں کا نمائندہ ہے اور تقریباً جون کے آخر سے زائچے کے حساس مقامات پر اثر ڈال رہا ہے جس کی وجہ سے جانی اور مالی نقصانات میں اضافہ ہوا ہے اور عام لوگ مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں' ان کے ساتھ خواص کا حال بھی برا ہے اور انہیں اپنی عزت بچانا مشکل ہو رہا ہے جن لوگوں نے غلط کام کیے ہیں ان کا بچنا بہر حال محال ہو گا' قصہ مختصر یہ کہ اکتوبر تک سندھ کی دنیا اور خاص طور پر کراچی کی دنیا بدلتی نظر آ رہی ہے' بہت سے لوگ ہم سے یہ سوال پوچھتے ہیں کہ کراچی میں کب امن و امان ہو گا اور حالات کب بہتر ہوں گے؟ ہمارا جواب یہی ہے کہ قمر کا موجودہ دور جو یکم جولائی 2016ء تک جاری رہے گا، حالات کو بہتر بنا دے گا لیکن اس سے پہلے خرابیوں کی جڑیں کٹنے کا عمل بھی ضرور پورا ہو گا۔

ایم کیو ایم کا بحران

متحدہ قومی موومنٹ کے لیے اس سال کا آغاز ہی مسائل اور مشکلات کا باعث رہا' فروری میں نائن زیرو پر رینجرز کا چھاپا اور اس کے بعد سے ایم کیو ایم مسلسل

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مختلف الزامات کی زد میں رہی' راؤ انوار کی پریس کانفرنس' بی بی سی کی رپورٹ' ایم کیو ایم کے اہم رہنما طارق میر کا اعترافی بیان وغیرہ' الغرض فروری سے تاحال پورے پاکستان کا موضوع بحث متحدہ قومی موومنٹ ہے' اخبارات اور ٹی وی چینلز کا پیٹ بھرنے کے لیے ایسی گرما گرم اور چٹ پٹی خبریں بڑی فائدہ بخش ہوتی ہیں لہٰذا سیاسی ٹاک شوز کی بہار اس دوران میں قابل دید رہی' بڑے بڑے صحافی اور سیاست داں زور بیان دکھاتے نظر آئے اور یہ سلسلہ تاحال جاری ہے۔

2013ء کے انتخابات سے قبل ہم نے پاکستان کی سیاسی پارٹیوں کے زائچے شائع کیے تھے' اس وقت ایم کیو ایم کا زائچہ بھی زیر بحث آیا تھا' ہم نے عرض کیا تھا' ایم کیو ایم الیکشن جیت لے گی لیکن یہ سال ایم کیو ایم کے لیے ایک انقلابی تبدیلیوں کا سال ہے اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا' 2 فروری 2017ء تک ایم کیو ایم کو اپنے سروائیول کی جنگ لڑنی ہے چنانچہ اب تک کے حالات ہماری اس پیش گوئی کے عین مطابق نظر آرہے ہیں' آیئے ایم کیو ایم کے زائچے پر ایک بار پھر نظر ڈالی جائے تاکہ موجودہ صورت حال کی وجوہات پر روشنی پڑ سکے۔

ہمارے نزدیک متحدہ قومی موومنٹ کا فعال زائچہ 26 جولائی 1997ء شام 5:40 بمقام کراچی ہے' طالع پیدائش برج قوس 15 درجہ 15 دقیقہ ہے' طالع کا حاکم مشتری زائچے کے دوسرے گھر میں ہبوط یافتہ لیکن دسویں اور گیارھویں گھروں کے مالکان عطارد اور زہرہ نویں بھاؤ گیا ستھان میں باہم حالت قِران میں ہیں' یہ زائچے کا ایک طاقت ور ترین یوگ ہے جو پارٹی کا عروج و ترقی ظاہر کرتا ہے' زائچے میں فعال دور اکبر زہرہ کا جاری ہے اور دور اصغر سیارہ زحل کا ہے جو زائچے کے دوسرے تیسرے گھروں کا حاکم ہو کر چوتھے گھر میں کمزور ہے لیکن اچھی جگہ ہے' زائچہ نو بھرو میں زحل ساتویں گھر میں برج دلو میں ہونے کی وجہ سے ساسا یوگ بنا رہا ہے جو اقتدار کے حصول میں مددگار رہتا ہے' اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ ہر الیکشن کے بعد ایم کیو ایم کو اقتدار میں شمولیت کا موقع ملا۔

اگرچہ دور اکبر اور دور اصغر سعد سیارگان کا جاری ہے لیکن زائچے میں سیاروں کی ٹرانزٹ پوزیشن سخت ناموافق اور خراب اثرات کی حامل ہے اور خیال رہے کہ سیاروی ٹرانزٹ کا اثر اکثر پیریڈز کے اثر پر غالب رہتا ہے۔

گزشتہ سال نومبر سے سیارہ زحل زائچے کے بارھویں گھر میں آچکا ہے یہ ایک نہایت خراب پوزیشن ہے' زحل تقریباً 2017ء کے آخر تک یہاں رہے گا اور اس کی یہ پوزیشن پارٹی میں غلط فیصلوں' نقصانات اور مستقبل کے خوف کی نشان دہی کرتی ہے لہٰذا زحل کا دور اصغر جو 2 فروری 2017ء تک ہے تقریباً ایسی ہی صورت حال دوچار کرے گا' ایم کیو ایم اندرونی و بیرونی سازشوں کا شکار رہے گی۔

گزشتہ سال جون کے بعد سے طالع کا حاکم مشتری بھی زائچے کے آٹھویں گھر میں حرکت کر رہا ہے اور اس کی یہ پوزیشن ایسی ہی ہے جیسے کوئی مصیبت زدہ قید خانے میں پڑا ہو' مشتری اس سال جولائی میں نویں گھر میں داخل ہوگا اور مشتری کی یہ نئی پوزیشن پارٹی کو نئی توانائی دے گی' بہت سے جاری مسائل ختم ہوں گے' نئی پلاننگ' نئے رنگ ڈھنگ نمایاں ہوں گے' مشتری آئندہ سال جولائی تک نویں گھر میں رہتے ہوئے نہایت فائدہ بخش ثابت ہوگا اور متحدہ کو موجودہ بحران سے نکلنے میں مدد دے گا۔

بدترین پوزیشن راہو کیتو کی اس سال فروری سے شروع ہوئی ہے چونکہ طالع کے درجات تقریباً 15 درجہ ہیں اور راہو کیتو محور اسٹیشنری پوزیشن پر 15 درجہ پر فروری سے چلا آرہا ہے' اس نحوس اثر کا خاتمہ جولائی کے پہلے ہفتے میں ہو جائے گا' یہی وہ بنیادی وجہ ہے جس کے اثر سے فروری تا جون ایم کیو ایم کو شدید ترین مسائل اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا' راہو زائچے کے دسویں گھر میں ہے اور کیتو چوتھے گھر میں لہٰذا دونوں زائچے کے دوسرے' چوتھے' چھٹے' آٹھویں' دسویں اور بارھویں گھروں کو شدید متاثر کر رہے ہیں' چنانچہ داخلی صورت حال میں انتشار' اختلافات و تنازعات' مقدمات' حادثات' قید و بند' حیثیت کا متاثر ہونا' نقصانات اور خوف کی فضا ان گھروں کی منسوبات کے مطابق موجود ہے۔

مئی جون میں عطارد' شمس اور مریخ کی پوزیشن بھی زائچے میں خراب رہی لہٰذا صورت حال مزید خراب ہوئی اور ابھی خراب ہی رہے گی تاوقتیکہ سیارگان زائچے میں بہتر پوزیشن پر نہیں آتے اور اس کا امکان اکتوبر سے ہے۔

زائچے کی ایک اور نحس پوزیشن ٹرانزٹ کرتے ہوئے کیتو کی پیدائشی سیارہ شمس پر نظر ہے جو تاحال جاری ہے اور آئندہ بھی اکتوبر تک جاری رہے گی' زائچے میں سیارہ شمس نویں گھر کا حاکم ہو کر آٹھویں گھر میں ہے جو داخلی معاملات' سربراہ اور سپورٹ' مستقبل کے پروگرام کو ظاہر کرتا ہے' کیتو کی نظر مذکورہ امور کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے اس حوالے سے خاص طور پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ان کے قریبی افراد مشکلات کا شکار نظر آتے ہیں جو کوئی ڈھکی چھپی بات بھی

Scanned By Amir

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہیں ہے جب تک کیتو کی نظر شمس پر رہے گی یہ صورت حال بھی برقرار رہے گی۔

باقی جیسا کہ ہم بہت پہلے عرض کر چکے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ غیر معمولی تبدیلیوں سے گزر رہی ہے اور 2 فروری 2017ء تک اسے اپنی بقا کی جنگ لڑنی ہے اس کے بعد زائچے میں زہرہ کے دور اکبر میں عطارد کا دور اصغر شروع ہوگا اور جیسا کہ پہلے ہم نشان دہی کر چکے ہیں کہ زہرہ اور عطارد زائچے میں ایک اہم یوگ بنا رہے ہیں جو خوش قسمتی کی نشان دہی کرتا ہے ان دونوں سیارگان کے ادوار میں مذکورہ یوگ عروج و ترقی کا باعث ہوگا 4 دسمبر 2019ء تک یہ دور جاری رہے گا (ماضی میں عطارد کا دور اصغر 5 فروری 2002ء سے شروع ہوا تھا اور اس کے فوراً بعد 2 فروری 2001ء سے زہرہ کا دور اصغر شروع ہوا' متحدہ نے کامیابیاں حاصل کی اور اقتدار میں آئی یہ موافق ادوار کی سیریز 3 جون 2005ء تک جاری رہی) آنے والے دور میں وہ یقیناً اپنے اہداف حاصل کرنے میں کامیاب رہے گی۔

یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

پیپلز پارٹی اور زرداری صاحب

زرداری صاحب اپنے انٹرویوز میں اکثر لوگوں کو سیاسی نابالغ کا خطاب دیا کرتے تھے لیکن تازہ صورت حال اس کے برعکس ہو چکی ہے، زرداری صاحب اور ان کی ٹیم کو پیپلز پارٹی پر بوجھ قرار دیا جا رہا ہے سیاسی پنڈت بلاول بھٹو کو مشورہ دے رہے ہیں کہ وہ اپنے والد کا راستہ چھوڑ کر اپنی نئی ٹیم بنائیں، پیپلز پارٹی کے دونوں سابق وزرائے اعظم بھی کچھ ایسا ہی مشورہ دیتے ہوئے اپنے عہدوں سے استعفیٰ دے چکے ہیں۔

آیئے ایک نظر زرداری صاحب اور پیپلز پارٹی کے زائچے پر ڈال لی جائے۔

زرداری صاحب کے زائچے میں سیارہ زحل یوگ کارک سیارہ ہے اور اس کا دور اکبر جاری ہے، 26 جولائی 2009ء سے زحل کے دور اکبر میں شمس کا دور اصغر شروع ہوا تو وہ جنرل مشرف کی جگہ ملک کے صدر بن گئے لیکن جب 17 مارچ 2013ء سے دور اصغر راہو کا شروع ہوا تو پیپلز پارٹی الیکشن نہیں جیت سکی اور اسے سندھ تک محدود ہونا پڑا، راہو کا یہ دور 22 جنوری 2016ء تک جاری رہے گا مزید خرابی یہ ہے کہ راہو کیتو محور اب زائچے کے حساس مقامات کی طرف بڑھ رہا ہے جس کے نتیجے میں انہیں مختلف الزامات اور اسکینڈلز کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

راہو زرداری صاحب کے زائچے کے ساتویں گھر میں ہے اور ٹرانزٹ پوزیشن میں چوتھے گھر میں حرکت کر رہا ہے، راہو دھوکا اور فراڈ مسائل پیدا کرتا ہے یا ایسی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث کرتا ہے جو عارضی طور پر بے حد فائدہ بخش ہوتی ہیں مگر آخر میں انجام بہتر نہیں ہوتا تقریباً ایسی ہی صورت حال زرداری صاحب کو درپیش ہے، راہو زائچے کے ساتویں گھر میں ہو تو ایک سے زیادہ رومانی تعلقات اور دوسری شادی کی بھی نشان دہی کرتا ہے اور یہ سلسلہ راہو کے دور میں شروع ہوتا ہے (ماضی میں محترمہ کی زندگی میں بھی زرداری صاحب کی دوسری شادی سے متعلق اسکینڈل کا چرچا ہوتا رہا ہے اور گزشتہ سالوں میں بھی ایک محترمہ ڈاکٹر زمانی کے ساتھ نکاح کی خبر عام ہوئی تھی) سال 14-2013ء میں راہو زائچے کے پانچویں گھر میں تھا اس عرصے کو رومانی دلچسپیوں سے خالی نہیں سمجھنا چاہیے، زرداری صاحب کے سابق جگری یار دوالفقار مرزا ایان علی کے حوالے سے جو کچھ بالشافہ گفتار کرتے رہے ہیں اسے مکمل طور پر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

زائچہ پیپلز پارٹی

اس زائچے میں طالع سرطان طلوع ہے اور سیارہ مشتری، زحل، راہو کیتو زائچے کے فعلی منحوس سیارے ہیں اور پارٹی کے خراب وقت کا آغاز 20 جنوری 2011ء سے ہو گیا تھا کیوں کہ راہو کا دور اصغر فعال ہوا تھا لہٰذا کرپشن کی بہار عام ہوئی پھر جولائی 2012ء سے مشتری کا دور شروع ہوا جو مختلف تنازعات اور اختلافات لایا اسی دور میں پارٹی الیکشن میں گئی اور جو نتیجہ نکلا وہ بھی سب جانتے ہیں، اب زحل کا دور اصغر جاری ہے جو 26 جون 2015ء کو ختم ہوگا، اس تمام عرصے میں تین منحوسوں کے سب چیئرز نے پارٹی کو جس مقام پر پہنچا دیا ہے، اس کے بارے میں سیاسی تجزیہ نگار کہہ رہے ہیں کہ جو کام جنرل ضیاء اور جنرل مشرف نہ کر سکے وہ جناب آصف علی زرداری نے کر دکھایا ہے۔ پارٹی کو سندھ تک محدود کر دیا ہے، بہر حال 26 جون کے بعد اگرچہ سیارہ عطارد کا دور اصغر شروع ہوگا جو زائچے کا سعد سیارہ ہے مگر کمزور ہے اور چھٹے گھر میں غروب ہے لہٰذا پارٹی کو سنبھالنے کے لیے نئے فیصلے اور اقدام تو ضرور سامنے آئیں گے لیکن بہت زیادہ بہتری کی توقع نہیں رکھنا چاہیے 21 جون 2017ء سے جب زہرہ کا دور شروع ہوگا تو یقیناً پارٹی کی پوزیشن بہتر ہوگی اور وہ نئے الیکشن کے لیے زیادہ مضبوطی کے ساتھ سامنے آئے گی لیکن اس سے پہلے پارٹی میں صفائی کا عمل جاری رہے گا۔

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہیلتھ شعور و آگاہی عام کے لیے 14 جون 2015ء لاہور ریس کورس گروپ کی جانب سے سیمینار منعقد کیا گیا۔ جس میں ڈیفنس، علامہ اقبال ٹاؤن، گلبرگ، بحریہ ٹاؤن لاہور کے علاوہ شیخوپورہ سے تقریباً 500 افراد نے اس میں بھرپور شرکت سے کامیاب بنایا۔ اس گروپ کے بانی استاد جلیل الرحمٰن بیگ صاحب نے اپنی 17 سالہ زندگی کا نچوڑ ہر فرد کو اپنی ہیلتھ فٹنس کا سادگی سے خیال رکھنے کے مفید مشورے دیے۔ اب یہ خدمات بلا معاوضہ 17 سال سے انجام دے رہے ہیں۔ روشنی کے چراغ سے چراغ جل رہا ہے اور اب ممبران کی تعداد لاکھوں تک پہنچ گئی ہے۔ بیگ صاحب کا دعویٰ ہے کہ ذرہ سی ذاتی توجہ سے آپ تا زندگی فٹ رہ سکتے ہیں۔ جس ملک میں پارک آباد ہوں، وہاں کے ہسپتال خالی ہو جاتے ہیں۔ قارئین کے افادہ عام کے لیے بیگ صاحب کا تازہ انٹرویو شہزادہ سید محمد علی زنجانی کے قلم سے

سوال: سب سے پہلے تو آپ اپنی ابتدائی زندگی کے بارے میں بتائیے، آپ کا بچپن، آپ کی جوانی کیسی گزری؟ اس فیلڈ میں کس طرح آنا ہوا، یعنی کسی واقعہ سے متاثر ہو کر یا آپ کا شوق؟

جواب: اس طرح ہوا کہ 1990ء میں میرے کان میں ٹائی نیٹس کی پرابلم ہوئی ٹائی نیٹس ایک ایسی بیماری جس سے کان کے اندر ایک Buzzing شروع ہو جاتی ہے اور یہ Buzzing ہے جو آپ کو سونے نہیں دیتی ہے اور آرام کرنے نہیں دیتی ہے۔ ہر وقت آپ کے کان کے اندر ایک Noise گونجتی رہتی ہے۔ میں اس وقت انگلینڈ میں تھا وہاں سیٹ تھا تقریباً 16 سال میں انگلینڈ میں رہا۔ 1990ء میں میں نے انگلینڈ میں ہی ڈاکٹرز سے اپنا چیک اپ کروایا۔ انہوں نے میری ٹریٹمنٹ کی شروعات اس شکل میں کی اور کہا کہ آپ کے کان کا آپریشن ہوگا۔ اب مجھے تکلیف اس قدر زیادہ Bother کرتی تھی کہ میں چاہتا تھا کہ اب کچھ ہو جائے اور میرے کان کی یہ پرابلم ختم ہونی چاہیے۔ یہ جو میری راتوں کی نیند ادھوری ہوتی ہے اور میں سکون کے ساتھ سو سکوں اور میں نے انہیں کہہ دیا کہ جی کر دیں آپریشن۔ ان ڈاکٹرز نے میرے کان کا آپریشن کیا مگر یہ آپریشن غلط تھا۔ یہ ڈاکٹرز کی ایک غلطی تھی اور انہوں نے جب آپریشن کیا آپریشن کا ڈرا یک Side Effect ہوا۔ حالانکہ ان کو چاہیے کہ تھا مجھے Medication پہ رکھتے انہوں نے Medication نہیں کی اور ڈائریکٹ آپریشن کر دیا۔ انہوں نے جب آپریشن کیا تو میرے کان کے اندر کی جو ویسلز تھیں ان میں سے ایک وین جس کا تعلق نروز سے تھا اور وہ وین دماغ کے ساتھ جڑی ہوئی تھی۔ اس نروز کو آپریشن کے ذریعے Damage کر دیا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں پیرالائزیشن کی صورت میں ہو گیا Paralyzation اس شکل میں تھی کہ میں چل سکتا نہ بول سکتا تھا نہ سوچ سکتا تھا کسی چیز پر Concentrate کر سکتا تھا تو پھر ڈاکٹرز نے کنسلٹنٹ نیورو جو اس وقت موجود تھے انہوں نے مجھے چھ سال کا عرصہ دیا کہ اس عرصے میں میں آہستہ آہستہ ری کنڈیشن میں آجاؤں گا اور اس چیز کی کوئی گارنٹی بھی نہیں ہے کہ آپ نارمل پوزیشن میں آ سکیں گے یا نہیں آ سکیں گے آپ کو اپنی زندگی کے ساتھ کمپرومائز کرنا ہوگا میری کنڈیشن ایسی تھی کہ میں ایک طرح کی بھرتی لاش بن گیا تھا۔

سوال: یہ کس سن کی بات ہے؟

جواب: یہ 1991ء کی بات ہے۔ میں ایک زندہ لاش بن گیا کیا کرتا؟ میں مختلف انداز سے خود کو ڈھالنے کی کوشش کر رہا تھا تاکہ میرے پاس کوئی ایسا عمل ہو جس سے میں اپنے وقت کو Survive کر سکوں۔ اتفاق کی بات ہے کہ میرے گھر کے پاس میری رہائش گاہ انگلینڈ میں شیفلڈ تھی۔ میرے گھر کے قریب ہی ایک لیژر سنٹر تھا۔ لیژر سنٹر جس میں جمنازیم، گیمز، سوئمنگ پول، انٹرٹینمنٹ وغیرہ اس قسم کی چیزیں ہوتی ہیں۔ اس لیژر سنٹر میں ایک دوست تھا جو لیژر سنٹر کا جی ایم تھا اور

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

وکیل تھا اور اس سے میرے بہت گہرے تعلقات تھے۔ بہت اچھا دوست تھا، میرے ساتھ رہا کرتا تھا۔ بعض اوقات وہ میرے گھر آجایا کرتا تھا۔ اس نے جب میری یہ حالت دیکھی تو مجھے گھر سے لیژر سنٹر لے جایا کرے اور تقریباً سارا دن مجھے اپنے پاس ہی رکھا کرتا تھا۔ وہاں کیفے ٹیریا تھا، کافی پیتا اور اس طرح سے مختلف انداز تھے اپنے وقت کو Spend کرنے کے جو میں نے اختیار کر رکھے تھے۔ اس اپنے دوست کی مدد کی بنا پر۔ وہ مجھے روز اور صبح گھر سے لے جاتا تھا اور شام کو واپس گھر چھوڑ دیتا تھا۔ ایک دن میں کیفے ٹیریا میں بیٹھا ہوا کافی پی رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ سامنے کلاس میں ایک شخص ایکسر سائز کروا رہا تھا۔ وہ مختلف انداز میں ٹیکنیکل قسم کی ایکسر سائز کروا رہا تھا۔ اتنے میں میرا وہ دوست (مصطفیٰ) آیا اور اس نے اشارہ کر کے مجھے کافی کے ایک اور کپ کا پوچھا۔ اتفاق یہ ہوا کہ جو شخص ہال میں ایکسر سائز کروا رہا تھا کچھ دیر بعد وہ شخص کافی پینے کے لیے میرے ساتھ والی ٹیبل پر آ کر بیٹھ گیا۔ اس نے جب مصطفیٰ کو دیکھا مجھ سے اشاروں میں بات کرتے ہوئے تو اس نے مصطفیٰ سے کچھ سوال کیے کہ کیا بات ہے؟ مصطفیٰ نے اس شخص کو سارا قصہ بیان کر دیا۔ جو میری کیفیت تھی، جو میری بیماری تھی۔ اتنے میں وہ شخص اٹھا۔ اس سے پہلے کہ میں آگے چلوں میں آپ کو بتاتے دیتا ہوں کہ وہ شخص جرمن تھا [illegible] اس کا نام تھا اور وہ کنٹریکٹ پر لیژر سنٹر آیا تھا ایکسر سائز اور ٹریٹمنٹ کے حوالے سے۔ اس نے میرے پیچھے آ کر مجھ سے پوچھا کہ "I Check You"۔ میں نے مصطفیٰ کی طرف دیکھا اور مصطفیٰ نے اشاروں میں مجھ سے کہا کہ "He is ok, you go ahead". اس شخص نے اپنے دونوں ہاتھوں کی چھوٹی انگلیاں جو تھیں وہ دونوں میرے کانوں میں ڈالیں۔ وہ کانوں کو دو کھم کرتا گیا پھر اس نے ایک دم اپنی انگلیوں کو باہر کھینچا تو میں ایک دم بے ہوش ہو کر زمین پر گر گیا۔ اس نے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں سے میرے پیچھے مینی پولیشن کیا کہ مجھے ہوش آگیا۔ میں بڑا حیران ہوا کہ یہ کیا ماجرا ہے؟ مجھے بے ہوش بھی کیا اور ہوش میں بھی لے آیا۔ بغیر کسی پانی، بغیر کسی دوا کے صرف مینی پولیشن کی وجہ سے، ہاتھوں کی انگلیوں کی وجہ سے۔
جب مجھے ہوش آیا تو وہ مجھے کہنے لگا Whisper کے ساتھ، آرام سے:

"If I will cost you 20 pounds per hour and you will be a perfect man with in six or seven weeks."

میں بڑا حیران ہوا اور میں نے مصطفیٰ کی طرف دیکھا اور اسے اپنے قریب بلایا اور پوچھا کہ یہ کون ہے؟ کیا کوئی ڈاکٹر ہے؟ یہ کیا ہے؟ مجھے تو ڈاکٹرز نے پانچ سے چھ سال کے لیے لکھ دیا ہے اور یہ کہہ رہا ہے کہ مجھے چھ سے سات ہفتوں میں ٹھیک کر دے گا۔ مجھے میرا دوست مصطفیٰ کہنے لگا:

"Go ahead, money I will pay."

میں نے کہا کہ پیسوں کی بات نہیں ہے۔ بہر حال میں نے وہ ٹریٹمنٹ کروانا شروع کر دیا۔ انہوں نے مجھے مختلف ٹیکنیکل قسم کی ایکسر سائز کروانا شروع کر دیں۔ ساتھ میں مساج کی شکل میں Manipulate کیا کرے اور ایکسر سائز کروایا کرے۔ تین ہفتوں کے بعد میں نے لان پر چلنا شروع کر دیا۔ اس کے بعد چار سے پانچ ہفتوں کے بعد میں نے بولنا شروع کر دیا۔ چھ ہفتوں میں میں 90% ٹھیک ہو گیا تھا۔ سات ہفتوں میں اس نے مجھے نارمل کر دیا۔ سات ہفتوں کے بعد مجھے جمنازیم ساتھ لے کر چلا گیا اور میرے سر پر ہاتھ ڈال کر سامنے ویٹ رکھ کر کہنے لگا کہ اٹھاؤ اسے۔ میں نے وہ ویٹ اٹھایا اور رکھا۔ اس نے ایک اور پلیٹ ڈالی۔ میں نے وہ بھی اٹھایا اور رکھا۔ پھر اس نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کو کچھ ہوا؟ میں نے کہا نہیں میں بالکل ٹھیک ہوں۔ اس نے کہا "میرے ساتھ آؤ"۔ مجھے وہ پارک میں لے گیا

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

جہاں ڈبل ٹینس کورٹ ہے وہاں پہ دو دوست بن تھے اور وہ مجھے کہنے لگا:

Now you come with me and i go there that dust bin, this is on the corner and far."

اور آپ کو جتنی تیز ہو سکتا ہے دوڑ کے میرے پاس آنا ہے۔ میں نے انکار کر دیا میں نے کہا کہ میں دوبارہ ہسپتال نہیں جانا چاہتا۔ میں الحمدللہ اتنا ٹھیک ہو چکا ہوں کہ میں صحیح طور پہ چل سکتا ہوں، بول سکتا ہوں، سن سکتا ہوں، کھا پی سکتا ہوں، آپ سے باتیں کر سکتا ہوں لیکن میں دوبارہ ہسپتال جانا نہیں چاہتا۔ اس نے **Logically** مختلف انداز سے مجھے **Convinced** کر لیا۔ میں بھی بھاگ کے چل پڑا۔ میں دوڑا اور اس کے پاس پہنچا، میرا سانس تھوڑا سا پھولا ہوا تھا لیکن مجھے ہوا کچھ نہیں اور مجھے ابھی تک اس کے یہ الفاظ یاد ہیں، جو میں کبھی بھول بھی نہیں سکتا۔ وہ مجھے کہنے لگا:

Now you runs like a defeated worriers. To save your life has to run the dogs are chasing you, if you slow down, they will kill you, piece by pice.

مجھے کچھ حوصلہ افزائی بھی ہو چکی تھی۔ میں بھاگا اور اس وقت جتنی سکت میرے اندر تھی، وہ ساری سکت استعمال کر کے میں بھاگا۔ جب میں اس کے پاس پہنچا تو میری سانس کے ساتھ سانس نہیں مل رہی تھی۔ میں ادھر گیا، ادھر گیا لیکن مجھے ہوا کچھ نہیں اور میں بیٹھ گیا۔ جب میں بیٹھ کے دوبارہ اٹھا اور ادھر ادھر دیکھا کہ مجھے تو کچھ بھی نہیں ہوا تو میں نے ایک نعرہ لگایا "اللہ اکبر" اور رونا شروع کر دیا۔ بڑا رویا، بڑا رویا۔ رویا اس بات پہ کہ ان لوگوں نے مجھے چھ سال کے لیے اور اس بندے نے مجھے سات ہفتوں میں قائل کر دیا۔ اس بندے کے پاس کیا ہے؟ اس نے مجھے کہا (وہ مجھے بیگی کے نام سے پکارتا تھا):

Baigi come on, get up, shake hand, your are perfect normal man, go back to your country and rest of your life, go ahead.

میں بے چین تھا، ان دنوں میں وہ میرا بہت گہرا دوست بن گیا۔ ہم سارے اکٹھے گھر آ گئے، گھر آ کر میں بڑا بے چین رہا۔ ساری رات جاگتا رہا، سوچتا رہا۔ میرے ذہن میں سوچ یہ آ رہی تھی کہ **ہمارے ملک میں بے شمار ایسے لوگوں ہیں جو ہسپتال میں ہی ایڑھیاں رگڑ رگڑ کر مر جاتے ہیں اور بے شمار اللہ کی مخلوق ایسی ہے جن کے پاس دوائیوں کے بھی اخراجات اٹھانے کی بھی سکت نہیں ہے۔** میں نے رات کے اڑھائی بجے دو نفل استغفار کے ادا کیے اور ساتھ ہی دو نفل حاجت الحاجات کے بھی، حاجت یہ کہ یا اللہ مجھے یہ علم سکھا دے۔ تاکہ میں اپنے ملک میں اپنے مسلمان بھائیوں کی خدمت کر سکوں۔ جو بے چارے ادویات کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ اس کے بعد میں نے اسی دن اس کے پاس ہی متعلقہ یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا۔ اس ڈگری کو کہتے ہیں "ہیلتھ اینڈ فزیکل تھراپی"۔ یہ تقریباً پارٹ ٹائم تین سال کی کوالیفکیشن ہے۔ اس کے بعد میں جرمنی ژمل ملائیشیا کے پاس چلا گیا، سات سے آٹھ ماہ میں نے اس کے ساتھ لگائے۔ بہر حال ایک چھوٹی سی کوالیفکیشن تھی **"Cyctric Application to Your People"**۔

17 سال سے ریس کورس پارک میں اللہ کے بندوں کی خدمت کرتا ہوں اور اس دوران بے شمار لوگ آئے جن کو بے شمار بیماریاں تھیں کسی تکلیف میں مبتلا تھے کمر کی درد، مہروں کی درد، گھٹنوں کی درد، **Bone Structure** کے مسائل میں مبتلا لوگ، کڈنی کی پرابلم ہے، **Liver** کی پرابلم ہے، **Bone Bleading** کی پرابلم ہے، پھیپھڑوں کی پرابلم ہے، شوگر، یرقان کی پرابلم ہے، ہارٹ کی پرابلم ہے، بلڈ پریشر کی پرابلم ہے، ٹینشن، ڈپریشن، پریشانی کے بہت سے مسائل ہیں۔ جن کو میں اللہ کی رحمت سے اور کرم سے ٹریٹ کرتا چلا آ رہا ہوں۔ اس میں ایک بات بڑی واضح ہے وہ یہ کہ میرے بس میں تو کچھ نہیں ہے۔ میں تو جو کچھ بھی کرتا ہوں صرف اللہ سے ہی التجا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے ہی مدد مانگتا ہوں اور اللہ تعالیٰ ہی سے دعا مانگتا ہوں کہ "یا رب العالمین جو شخص میرے پاس جو امید لے کر آیا ہے اے اللہ! میں تو کچھ بھی نہیں میرے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے تیری مدد کے بغیر میں اس کو پرسکون نہیں کر سکتا اس کی تکلیف کو رفع نہیں کر سکتا۔" کوئی ٹریٹمنٹ دینے سے پہلے میں اللہ کے حضور دعا کرتا ہوں کہ یا اللہ اس کو شفا عطا کر اور اسی لگن سے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے مانگتے ہوئے میں ریس کورس لاہور میں جو کر رہا ہوں چلتا آ رہا ہے۔ یہ تو ہو گیا میری زندگی کا معاملہ جو میرے ساتھ ہوا، آپ کے سوال کی وضاحت سے بیان کر دیا۔

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سوال: میں جاننا چاہتا ہوں کہ آپ نے پاکستان میں اپنے جو سینٹرز بنائے، وہ کہاں کہاں ہیں، ان سینٹرز کو کون لوگ دیکھ رہے ہیں، ان کے بارے میں کچھ وضاحت کر دیجیے۔

جواب: ہمارے ایک چھوٹا سا ادارہ ہے، اس کو کوئی آرگنائزیشن تو نہیں کہا جا سکتا۔ ہمارا ریس کورس میں چھوٹا سا ادارہ ہے جو "ریس کورس ہیلتھ گروپ" کے نام سے ہے اور ایک برانچ جو ہے وہ "قرشی پارک" میں انجم ملک صاحب بطور ٹرینر کام کر رہے ہیں، جس کے صدر رمضان بھٹی صاحب ہیں۔ وہاں پر 100 کے قریب طلبا سیکھ رہے ہیں یہ تعداد کبھی کم بھی ہو جاتی ہے اور کبھی بڑھ جاتی ہے۔ پچھلے ایک سال سے وہاں پر کلاس چل رہی ہے۔ دوسری ہماری برانچ گلشن اقبال میں ہے، اکرم عادل صاحب، جو کہ ایک Lawyer ہیں، وہ چلا رہے ہیں۔ ہماری تیسری برانچ ڈیفنس میں شیبا پارک میں ہے، جس کو شہزاد صاحب اور ان کے ساتھی چلا رہے ہیں۔ اسی طرح ہماری چار برانچز شیخوپورہ میں کام کر رہی ہیں، جن کو میاں اختر صاحب بطور صدر چلا رہے ہیں اور وہاں ہر برانچ میں 100 سے 125 تک مریض ایکسر سائز کرتے ہیں۔ اسی طرح یہ سلسلہ آگے چل رہا ہے ماشاءاللہ۔

میرا ایک طریقہ کار ہے، ایک جگہ ہے جو الگ ہے، جہاں میں وہ لوگ جو ٹرینر بننا چاہتے ہیں اور بطور ٹرینر کام کرنا چاہتے ہیں، ان کو میں سپیشل وقت دیتا ہوں تاکہ وہ اچھے طریقے سے سیکھ سکیں۔ بس یہ ایک تھوڑا سا سلسلہ ہے جو میں نے چلا رکھا ہے۔

سوال: آپ جو ایکسر سائز کرواتے ہیں، اس کو Specifically کیا نام دیتے ہیں، یعنی یوگا کا نام دیتے ہیں یا کچھ اور، اور اس کے اندر کیا چیزیں ہوتی ہیں؟

جواب: نہیں، نہیں۔ ہمارا یوگا یا اس قسم کی کسی چیز سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ میں نے اخبارات میں بھی واضح کیا تھا اور اپنی تقاریر میں بھی لوگوں کو آگاہی دی تھی۔ ہمارا تعلق بالکل بھی یوگا سے نہیں ہے اور نہ ہی ہمارا تعلق کسی یوگا آرگنائزیشن سے ہے، کسی بھی ایسی آرگنائزیشن سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے۔

ہماری جو ایکسر سائزز ہیں ان کا ایک ہی نام ہے "Curement of Disease Exercises"۔ بیمار کے علاج کی ایکسر سائز ہے، اس میں بہت سی ٹیکنیکل ایکسر سائزز Involve ہوتی ہیں، ایروبک کی، ورک آؤٹ کی۔ "Actually yoga it self is a strech, physically stretch" ہے، جس کو یوگا کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ہماری ایکسر سائزز یوگا سے متعلق نہیں ہیں، لیکن ان Stretch Exercises میں کچھ انداز ہیں جو اگر یوگا سے آ جاتے ہیں تو اس کا مطلب ہرگز نہیں کہ وہ یوگا ہے، یہ Stretch Exercise ہے۔

اب مختلف ممالک میں اس کو مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے۔ جیسے کوئی ملک اس کو کنگفو، کوئی اس کو ایروبک، کوئی اس کو یوگا کہہ دیتا ہے تو مختلف ممالک میں اس کو پہچان رکھتے ہوئے نام دے دیتے ہیں اور انڈیا نے اس کو یوگا کا نام دے دیا ہے اور مڈل ایسٹ میں بھی اس کو یوگا کا نام دے دیا گیا ہے۔ جاپان نے بھی اس کو یوگا بنا دیا ہے۔

سوال: آپ کے جرمن دوست جن سے آپ نے ٹریٹمنٹ کروائی، وہ اس ایکسر سائز کو کیا نام دیتے ہیں؟

جواب: اس کا کوئی نام ہے، یہ صرف فٹنس ایکسر سائزز ہیں۔

سوال: ابھی آپ نے کچھ بیماریوں کا نام لیا ہے۔ میں جاننا چاہتا ہوں کہ ایسی کون سی بیماری ہے جس پر آپ کو مکمل طور پر گرپ ہے؟

جواب: All of them، ان تمام بیماریوں پر مجھے گرپ ہے۔

سوال: ابھی میں دیکھ رہا تھا، جو آپ نے بیماریاں لکھی ہیں، ان میں نیند کے حوالے سے کچھ پڑھ رہا تھا کہ یکایک میرے ذہن میں ایک سوال آیا کہ **روحانیت اور ورزش کا آپس میں کیا تعلق ہے؟**

جواب: بڑا اچھا سوال ہے آپ کا۔ ورزش میں ایک شکل آتی ہے جس کو مراقبہ کہا جاتا ہے، انگلش میں اس کو Meditation کہا جاتا ہے۔ تو یہ جو مراقبہ ہے روحانیت تعلق باللہ ہے۔ جس سے آپ تعلق کو اللہ کے ساتھ وابستہ کرتے ہیں۔ مراقبے کی شکل میں Peace of mind of relaxation of muscular relieve حاصل کرنے کے لیے جب آپ اللہ کے ساتھ تعلق استوار کرتے ہیں تو وہ روحانیت بن جاتی ہے۔

مثال کے طور پر اقبال کا ایک شعر ہے۔

[illegible]

(جاری ہے)

Scanned By Amir

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مسجد قبلتین، مدینۃ المنورہ نوافل ادا کرنے کی سعادت حاصل ہوئی، یہ واقعہ 2010ء سفر حج و مدینہ کے دوران پیش آیا، مجھے آج بھی اُس بزرگ کے دل والی جانب کندہ بیج نما کڑھائی سے لکھا ہوا ازبکستان (UZbekistan) سرخ و پیلے رنگ سے یاد ہے، نوافل ادا کرنے میں اس دیش کے آئے ہوئے حاجیوں کی بس سے ٹیک لگائے کھڑا تھا، کہ اچانک ایک بزرگ بس سے اُترا اور اپنی جانب کھینچا ہوا، بس کی اُڑھ لے کر چل پڑا اور کچھ برہم ہوتا ہوا اپنی زبان میں مجھے خوب ڈانٹ پلاتا رہا اور میں بے بس اُس بڑے شخص کی کچھ سخت گرفت کروا دیا نہ چھڑاتا ہوا، اسے انگریزی میں سمجھاتا رہا کہ میں آپ کے ساتھ سفر نہیں کر رہا میں پاکستانی ہوں، مگر وہ میری ایک نہ سنے اور سنے بغیر مجھے میرے رنگ ڈھنگ سے اُزبکستان کا باشندہ سمجھتا ہوا کھینچتا رہا، اس بزرگ کے شوروغل اور بس کی مسلسل حرکت کی بناء پر ان کا بیٹا اللہ کے خاص فضل کے ساتھ باہر تشریف لایا اور میری بے بس فریاد سن کر مسکرانے لگا، اور جب اسکے ہونٹوں سے جھڑتے پھولوں کی طرح انگریزی کے چند الفاظ سنے تو میری جان میں جان آئی اور اُس بزرگ سے میں نے اپنی جان چھڑوائی۔ بعد ازاں جب میں نے خود کو دوبارہ سے آزاد پایا تو سامنے اپنی والدہ اور خالہ کو کھڑا پایا، جو دور کھڑے اس تماشہ سے لطف اندوز ہو رہے تھے، اس وقت مجھے اپنی والدہ کی مسکراہٹ ایسے محسوس ہوئی جیسے مجھ پر موتیوں کی بارش ہو رہی ہو اور ان کی تجسم بھری نگاہیں جو مجھے دیکھ رہی تھیں، یوں محسوس ہوتا تھا، جیسے نبی کے شہر میں کچھ خاص کرم ہو گیا اور جنت کی کھڑکی میری ماں کی چمکتی آنکھوں سے مجھے دیکھ رہی ہو اور وہ پل میرے لئے اس قدر راحت بخش تھا کہ بقول حدیث میرے دل کو محسوس ہوتی ہوئی اپنی ماں کی محبت مقبول حج کا ثواب حج سے پہلے دے گئی۔ بہرکیف اس حسین لمحے سے جوں ہی فراغت ہوئی تو دوبارہ اپنے مقصد سفر یعنی حاضری مدینہ و حج کی طرف ذہن متوجہ ہو گیا اور اللہ تعالیٰ و نبی محترم ﷺ کی خاص کرم نوازی کے ساتھ باخیریت وطن بزرگ ازبکستان سے پہنچا ہوا وطن عزیز پاکستان پہنچا چونکہ مجھے فطری طور پر سیر و سیاحت کا شوق ہے جہاں جسم ظاہری کے ساتھ نہ جاسکوں وہاں نیٹ کے توسل سے پہنچ جاتا ہوں اور اگر وہ جگہ دل کو بھا جائے تو اس پر کچھ مطالعہ بھی کر گزرتا ہوں۔

ازبکستان جب نیٹ کے ذریعہ جانے کا اتفاق ہوا تو یہ جان کر خوشی ہوئی کہ ازبکستان اصل میں سمرقند تھا اور اسی کا وہ تاریخی شہر بخارا ہے جسکی دنیائے اسلام میں بہت مقبولیت ہے، اس شہر میں تقریباً 140 تاریخی مقامات ہیں، جس میں سے خاص طور پر مشہور و مقبول بخارا کی رصدگاہ (Observatory) ہے۔ رصدگاہ ایک ایسا مقام یا عمارت کو کہتے ہیں جہاں آسمانی حالات وواقعات پر نظر رکھی جاتی ہے، جو سورج، چاند، ستاروں سے لے کر موسم کے حالات تک پر مبنی ہوتی ہے۔

یہ رصدگاہ ''الوگ بیگ'' (Ulugh Beg) نے بنوائی تھی، الوگ بیگ کا مطلب ہے عظیم بادشاہ، اس نے یہ رصدگاہ اپنی ذاتی یونیورسٹی میں قائم کروائی اور اسکی تکمیل 1429ء میں ہوئی۔ الوگ بیگ نہ صرف وہاں کا بادشاہ تھا بلکہ اس دور کے حساب سے اسکی سلطنت آج کے ازبکستان، تاجکستان، ترکمانستان، کرغستان، قزاقستان اور افغانستان کے اکثر حصہ پر پھیلی ہوئی تھی۔ یہ بہت علم دوست بادشاہ تھا اور سائنس کی دنیا میں بہت نام کمایا یہ ایک عظیم Astronomers تھا۔ اس نے فلکیات پر بے شمار

(بقیہ صفحہ نمبر 47 پر)

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

نظراتِ سیارگان کے عملیات برائے ماہِ اگست 2015ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات ترتیب میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت اچھا سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بھی عملیات میں شامل کرکے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ الجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2015ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظراتِ سیارگان تفصیل درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اعمالا بدیہ روح حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم مع سائر انبیاء، صحابہؓ اور اولیاء کرام پڑھیں۔ بعد مخصوص پر نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت پر اس روز کھڑے ہوں، ان کی طرف باادب رُخ کرکے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اس سمت کھڑی کرکے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت نہ رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	مغرب 03`11`18`26	شمال مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام علیکم یا رجال الغیب و یا ارواح المقدسۃ اغیثونی بغوثۃ و انظرونی بنظرۃ یا رقباء، یا نقباء، یا نجباء، یا ابدال یا اوتاد یا قطب یا غوث اغیثونی بحرمۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم و علی آلہ و اصحابہ اجمعین

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ شدید رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کرکے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے۔ دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

ایام	پہلی						دوسری					
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ

ایام						تیسری						چوتھی
	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22	23	24
اتوار	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

WWW.PAKSOCIETY.COM
Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تربیع مشتری زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 29 جولائی 22 بجکر 54 منٹ، مکمل نظر 3 اگست 15 بجکر 36 منٹ اور خاتمہ نظر 6 اگست 1 بجکر 3 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کو زیر کرنے اور اگر اشد ضروری ہو تو کام، کاروبار میں خرابی کے لیے سورۃ لہب کے ابطن سے استفادہ کریں، ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش آگے دیے جا رہے ہیں)

تربیع زہرہ زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 3 اگست 6 بجکر 29 منٹ، مکمل نظر 5 اگست 19 بجکر 55 منٹ اور خاتمہ نظر 6 اگست 22 بجکر 15 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین میں ختنہ فساد (مرد و زن) میں پیدا کرنے کے لیے سورۃ واحد کا خالی ابطن نقش سیاہ قلم سے لکھ کر ساعت زحل میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۲۱۲۱۳۶	۵۶۵۶۹۸	۷۰۷۱۲
۳۹۳۹۸۶	یہاں مقصد لکھیں	۳۵۳۵۶۰
۱۴۱۴۲۴	۲۸۲۸۴۸	۴۲۴۲۷۴

قران زہرہ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 3 اگست 10 بجکر 1 منٹ، مکمل نظر 5 اگست 2 بجکر 36 منٹ اور خاتمہ نظر 5 اگست 21 بجکر 33 منٹ پر ہوگا۔ حصول دولت عشق و محبت اور مطلوبہ جگہ رشتہ میں آسانی کے لیے سورۃ یوسف کے خالی ابطن نقش سے فیض حاصل کیجیے۔

(نقش آگے دیا جا رہا ہے۔)

تثلیث مریخ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 5 اگست صفر بجکر 14 منٹ، مکمل نظر 6 اگست 13 بجکر 28 منٹ اور خاتمہ نظر 8 اگست 2 بجکر 56 منٹ پر ہوگا۔ حصول رہائش، زمین و جائیداد پراپرٹی بنانے کے خواہاں بہن بھائی یا پھر اپنے کاروبار، گھر میں خیر و برکت کے لیے نقش مائی ساعت زحل یا مریخ میں بنا کر اپنے پاس رکھیں

(نقش آگے دیا جا رہا ہے۔)

قران عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 6 اگست 8 بجکر 47 منٹ، مکمل نظر 6 اگست 19 بجکر 24 منٹ اور خاتمہ نظر 7 اگست صفر بجکر 42 منٹ پر ہوگا۔ الفت و محبت، حصول علم، موسیقی و آرٹ کے لیے نقش یوسف بنا کر ان سے فیض حاصل کیا جا سکتا ہے۔ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں، دیگر پھلدار درخت سے دعا کر کے لٹکا دیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تربیع عطارد زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 6 اگست 11 بجکر 55 منٹ، مکمل نظر 7 اگست 1 بجکر 21 منٹ اور خاتمہ نظر 7 اگست 8 بجکر 4 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کو نقصان پہنچانے کے لیے اگر ضروری ہو تو سورۃ لہب کے خالی ابطن نقش سے استفادہ کریں۔ نقش ساعت زحل میں لکھیں اور ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۳۰	۲۹۱۶

قران عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 6 اگست 20 بجکر 57 منٹ، مکمل نظر 7 اگست 12 بجکر 8 منٹ اور خاتمہ نظر 7 اگست 19 بجکر 51 منٹ پر ہوگا۔ ترقی و منزلت ہر قسم کے لیے قرآنی دل (سورۃ یٰسین) کا نقش بنا کر اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۹۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

قران شمس زہرہ: جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 15 اگست 9 بجکر 10 منٹ، مکمل نظر 16 اگست صفر بجکر 21 منٹ اور خاتمہ نظر 16 اگست 7 بجکر 56 منٹ پر ہوگا۔ تخلیق، آرٹ، دوستی، محبت کے پیغامات یا عملیات کرنے موثر ہیں۔ سورۃ یوسف کا خالی ابطن نقش لکھ کر فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

تربیع شمس زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 21 اگست 2 بجکر 55 منٹ، مکمل نظر 22 اگست 4 بجکر 40 منٹ اور خاتمہ نظر 22 اگست 17 بجکر 33 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کو مشکلات میں ڈالنے کے لیے سورۃ کوثر کے خالی ابطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۰
۴۸۵	۹۱۶	۳۸۰

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

(بقیہ صفحہ نمبر 47 پر)

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

از تحریر: سید مسعود علی زنجانی

شرفِ عطارد

شرفِ عطارد کی ابتداء 16 اگست 11 بجکر 5 منٹ اور انتہا 17 اگست 2 بجکر 37 منٹ پر ہوگی۔

اس مرتبہ ایک موثر عمل ان لوگوں کے لئے تحریر کر رہا ہوں جن کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا ہو اور وہ دوبارہ وہی ملازمت حاصل کرنے میں کوشاں ہوں یا وہ عارضی معطل کئے گئے ہوں یا کسی اور وجہ سے افسر اعلیٰ کی تسخیر مطلوب ہو یا کسی مقدمہ میں ناحق ملوث کر دیئے گئے ہوں یا ترقی کئی سال سے رکی ہوئی ہو یا کسی کے خلاف محکمانہ انکوائری چل رہی ہو اور اس میں بے گناہ ملوث کیا جا رہا ہو تو ان جملہ مقاصد کیلئے مندرجہ ذیل طریقہ سے عمل تیار کریں کہ اپنا نام مع والدہ اور نام افسر کو ایک سطر میں پھیلا کر لکھیں اور اس کی تکسیر موخر صدر کریں۔ جب زمام ہو جائے تو تمام تکسیر میں سے حروف صوامت الگ کرلیں اور ان کے اعداد ابجد قمری سے لیں۔

حروف صوامت بے نقطہ حروف کو کہتے ہیں اور یہ تعداد میں 13 ہیں اور یہ ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ

اب ان اعداد میں سورۃ یٰسین کی آیت نمبر 9 کے اعداد شامل کریں (نوٹ اکثر اس جگہ سورۃ العصر کے اعداد جمع کے جاتے ہیں لیکن میرے تجربہ میں سورۃ یٰسین کی یہ آیت زیادہ موثر ہے۔ آیت مبارکہ وجعلنا سے لے کر لا یبصرون o تک کے اعداد لینے ہیں۔ اس آیت مبارکہ کے اعداد 3363 ہیں۔ اب ان اعداد کے مجموعہ سے ایک نقش مسبع یعنی 7x7 کا پر کریں۔ یہ نقش چاندی کی تختی پر یا سفید کاغذ پر زعفران سے لکھیں۔ منہ میں سچا موتی سوراخ دار رکھیں۔ لوح یا نقش کے تیار ہونے پر عود و صندل کی دھونی دے کر اپنے بازو پر باندھ لیں یا اپنے پاس رکھیں۔ اس کے علاوہ نقش مکمل کرنے سے قبل ایک کام اور کریں تکسیر سے جو حروف صوامت نکالے تھے ان کے کلمات بنا کر نقش کے چاروں طرف لکھیں اور اوپر حصار کردیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ یہ بہت ہی موثر عمل ہے۔ جس کے ذریعے کسی بڑے آدمی سے کام نکلوا سکتے ہیں جو ناراض یا مخالفت کرتا ہو۔ سائل کا نام مع والدہ لکھیں اور حاکم کا نام مع جدہ لیں۔ تکسیر کا طریقہ یہ ہے۔ مثلاً عبدالسلام اور مطلوب ولی محمد آسی ہے۔ مثلاً

ع	ب	د	ا	ل	س	ل	ا	م	و	ل	ی	م	ح	م	د
د	ع	م	ب	ح	و	م	ا	ی	ل	ل	س	و	ل	م	ا
ا	د	م	ع	ل	م	و	ب	س	ح	ل	و	ل	م	ی	ا
ا	ا	ی	د	م	م	ل	ع	و	ل	ل	م	ح	و	س	ب
ب	ا	س	ا	و	ی	ع	و	م	م	ل	م	ل	ل	د	ع
زمام: ع	ب	د	ا	ل	س	ل	ا	م	و	ل	ی	م	ح	م	د

اس میں سے حروف صوامت نکالیں ع دال س ل ام ول م ح م د

(نوٹ: ناموں کی سطر میں صرف ۲ حروف نقطہ والے ہیں۔ اس طرح ہر سطر سے ۱۴ نکلے اور ۵ سطر میں زمام آیا۔ ایک سطر کے اعداد ۵ × ۳۶۴ = ۱۸۲۰ ان اعداد میں آیت پاک کے عدد شامل کئے تو

۱۸۲۰ + ۳۳۶۳ = ۵۱۸۳ ـ ۱۶۸ = ۵۰۱۵ ÷ ۷ = ۷۱۶ باقی ۳ رہا اب نقش ایک ایک کے اضافہ سے پر کیا۔ اگر باقی ہو تو ایک بچے تو خانہ نمبر ۴۳ میں ایک کا اضافہ کریں۔ ۲ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۳۶ میں ۳ بچیں تو خانہ نمبر ۲۹، ۴ بچیں تو خانہ نمبر ۲۲، ۵ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۱۵ اور اگر باقی ۶ بچیں تو خانہ نمبر ۸ میں ایک کا مزید اضافہ کریں گے۔

(۱) کند ذہنی اور تعلیم سے بھاگنے والے طلبہ و طالبات کیلئے نام مع والدہ کے اعداد میں اسم لطیف ولی کے اعداد شامل کر کے نقش ۷ × ۷ یا آیت پاک رب زدنی علما سے نقش ذوالکتابت لکھیں۔

(۲) ٹرانسپورٹر حضرات اپنے کاروبار اور گاڑیوں کو ایکسیڈنٹ سے محفوظ کرنے کیلئے اپنا نام مع والدہ اور آیت پاک "الھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم o" کے اعداد ۸۸۵ شامل کر کے پر کریں اور پاس رکھیں تو بہت منافع ہوگا۔ گاڑی میں لٹکائیں تو وہ حادثات اور ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہے۔ اس کے نیچے چار اسماء

Scanned By Amir

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN

PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ضرور لکھیں۔ یاطھیال یامکیال یا اصباؤث یا اھیاہ

اس کے علاوہ میں اس دوران چاندی کی لوح بنایا کرتا ہوں ان طلبہ و طالبات کیلئے جو ٹیوشن کی اضافی سردردی سے بچنا چاہتے ہیں اس لوح کے پہننے سے ان کی ذہنی صلاحیتیں اجاگر ہو جاتی ہیں۔ دماغی کمزوریاں طاقت ور ہو جاتی ہیں ہر امتحان میں کامیابی ہوتی ہے۔ خاص کر وہ لوگ یا بچے جو اعلیٰ امتحانات جیسے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ایم بی بی ایس ایم بی اے یا اس جیسے دوسرے امتحانات میں شریک ہوتے ہیں وہ انشاءاللہ اس لوح کی برکت سے ہر امتحان میں کامیاب ہوتے ہیں اور انہیں علیحدہ سے ٹیوشن پڑھنے سے چھٹکارا مل جاتا ہے اور اس موقع پر بیرون ملک ویزہ کے حصول میں رکاوٹیں پیش آتی ہیں۔ تین ماہ میں یہ رکاوٹیں سب دور ہو جاتی ہیں۔ اب اصل نقش حاضر خدمت ہے۔

چال نقش

۱۰	۴۵	۴۴	۷	۱۱	۱۲	۴۶
۹	۱۹	۳۴	۱۷	۲۰	۳۵	۴۱
۸	۱۸	۲۴	۲۳	۲۸	۳۲	۴۲
۳۹	۳۷	۲۹	۲۵	۲۱	۳	۱
۴۸	۳۶	۲۲	۲۷	۲۶	۱۴	۲
۴۷	۱۵	۱۶	۳۳	۳۰	۳۱	۳
۴	۵	۶	۴۳	۳۹	۳۸	۴۰

اصل نقش

۷۸۶

جبرائیل

۷۶۵	۷۶۱	۷۶۰	۷۴۳	۷۴۶	۷۴۷	۷۶۳
۷۴۳	۷۳۳	۷۵۰	۷۳۴	۷۳۵	۷۵۱	۷۵۷
۷۲۳	۷۲۳	۷۳۹	۷۳۸	۷۳۷	۷۴۸	۷۵۸
۷۶۵	۷۵۳	۷۳۵	۷۴۰	۷۳۶	۷۲۸	۷۱۶
۷۶۴	۷۵۲	۷۳۲	۷۴۴	۷۴۱	۷۲۹	۷۱۷
۷۶۳	۷۳۰	۷۳۱	۷۴۹	۷۳۹	۷۲۷	۷۱۸
۷۱۹	۷۲۰	۷۲۱	۷۵۹	۷۵۵	۷۵۴	۷۵۶

شرف عطارد

رحم کاریہ جفر

تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ

اس سال شرف عطارد (16) اگست 2015 دوپہر 11:05 منٹ سے (17) اگست آدھی رات 2:37 منٹ تک رہے گا۔

شرف عطارد میں لوح تاثیر آلاثار المعروف تعلقات نورانی پیش کرتا ہوں۔ یہ لوح ہزار مقاصد کیلئے کافی ہے خصوصی ہر بیماری سے شفا کیلئے پر تاثیر ہے۔ یہ لوح عرق النساء ہڈیوں میں درد پیٹ میں درد تمام امراض شوگر بلڈ پریشر، پیشاب کے امراض، معدے کے امراض کیلئے پر تاثیر ہے۔ یہ لوح خالص گولڈن کاغذ پر زعفران و عنبر سے لکھیں۔

شرف عطارد میں ایسے طلسم تیار کئے جاتے ہیں۔ جو شفائے امراض کیلئے پر تاثیر ہوتے ہیں۔ جب یہ تیار ہو جائے تو (111) مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اس پر دم کریں۔ اس کا ثواب حضور پاک ﷺ اور اہل بیت کو ہدیہ کریں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ ذیشانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک مزید برکات دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فاطمہ حسین

ص	ع	ی	لا	ک
ع	ی	لا	ک	ص
ی	لا	ک	ص	ع
لا	ک	ص	ع	ی
ک	ص	ع	ی	لا

یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مرزا اسد اللہ غالب 8 رجب 1212 ہجری بمطابق 27 دسمبر 1797ء کو بمقام اکبر آباد (آگرہ) میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک عظیم شاعر، ماہر نفسیات، ماہر لسانیات اور ماہر علم الاعداد اور سچے محب آل محمدؐ تھے۔ ہمارے پاس اس وقت دیوان غالب کے تین ایڈیشن موجود ہیں۔

شارح دیوان غالب عبدالباری آسی آپ کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں:

"مرزا غالب اہل تشیع سے تھے مگر ان کا تمام خاندان سنی المذہب تھا اور وہ کسی سے تعصب نہیں رکھتے تھے۔"

مرزا غالب خود بھی اپنی علمی و فکری بلندی کے معترف ہیں، وہ فرماتے ہیں:

یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالب
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

اس شعر کی آسان لفظوں میں تشریح کچھ یوں ہے کہ اے غالب تصوف کے ان پیچیدہ مسائل کو جس طرح تو نے بیان فرمایا ہے اور اس سے آگاہی دی ہے، اگر تو شرابی نہ ہوتا تو لوگ تجھے ولی مانتے۔

قارئین کرام! مرزا غالب ایک سچے محب آل محمدؐ تھے، اب برکت کے طور پر ان کے چند اشعار نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے اہل بیت اطہارؑ سے اپنی عقیدت کا اظہار کن لفظوں اور جذبوں میں کیا ہے۔

غالب خدا کرے کہ سوار سمند ناز
دیکھوں علی بہادر عالی گہر کو میں

قاضی خلیل الرحمٰن جہانگیری شرح دیوان غالب میں اس شعر کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ مرزا غالب چونکہ شیعہ تھے، اس لیے ان کی تمنا ہے کہ علیؑ کی زیارت کروں اور اس حال میں کروں کہ وہ مجاہدانہ شان میں راہ خدا میں جہاد کے لیے نکلے ہوں۔ دلدل پر سوار ہوں، ذوالفقار ہاتھ میں لیے ہوئے ہوں، اسے لہرا رہے ہوں اور دشمنان خدا کو للکار رہے ہوں۔

غالب ندیم دوست سے آتی ہے بوئے دوست
مشغول حق ہوں بندگی بوتراب میں

قاضی خلیل الرحمٰن فرماتے ہیں:

غالب اپنی شخصیت کا مکمل اظہار فرماتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں علیؑ کو دوست رکھتا ہوں اور علیؑ خدا کو دوست رکھتے ہیں اور مجھے علیؑ کی عبادت میں خدا کی عبادت کا لطف آتا ہے۔

مشکیں لباس کعبہ علی کے قدم سے جان
ناف زمین ہے نہ کہ ناف غزال ہے

قاضی خلیل الرحمٰن غالب کے الفاظ کی ترجمانی کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

بقول غالب امام علیؑ خانہ کعبہ میں پیدا ہوئے۔ یہ امام علیؑ کی قدم رنجہ فرمائی کا نتیجہ ہے کہ کعبہ کا رنگ سیاہ، خوشبو دار ہے۔ کعبہ زمین کی ناف ہے، اس لیے یہ خوشبو اس کی اپنی ناف کی ہے نہ کہ ہرن کی ناف کی۔ مطلب یہ کہ علیؑ کے قدموں کی ہے، اگر وہ یہاں پیدا نہ ہوتے تو یہ خوشبو بھی نہ ہوتی۔

مظہر فیض خدا جان و دل ختم رسل
قبلہ آل نبی کعبہ ایجاد و یقین
جان پناہا دل و جاں فیض رسانا شاہا
وہی ختم الرسل تو ہے بہ فتوائے یقین
جسم اطہر کو ترے دوش پیمبر منبر
نام نامی کو ترے ناصیۂ عرش نگیں

عبدالباری آسی ان اشعار کی تشریح میں فرماتے ہیں:

بقول غالب حضرت علیؑ فیض خدا کا مظہر ہیں اور قبلہ آل نبی ہیں۔ حضرت علیؑ

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

رسول پاکؐ کے یقیناً ناوری ہیں تو نے دوش پیغمبر پہ سواری کی ہے۔

قارئین! مرزا غالب ایک ماہر علم الاعداد بھی تھے۔ انہوں نے اہم تاریخی واقعات کو علم جفر کی روشنی میں اپنے اشعار کی لڑی میں پرو دیا ہے اور ان اعداد کی روشنی میں تخمینہ بھی فرمائی ہیں۔

مرزا جعفر کی شادی 1270 ہجری میں ہوئی۔ چنانچہ مرزا غالب نے اس پر ایک قطعہ لکھا اور ترکیب "انشراح جشن جمشید" استعمال کی جس کے عدد 1270 ہیں۔

خجستہ انجمن طوئے میرزا جعفر
کہ جس کے دیکھے سب کا ہوا ہے جی محظوظ
ہوئی ہے ایسے ہی فرخندہ سال میں غالب
نہ کیوں ہو ماہ و سال عیسوی محظوظ

1854 عیسوی

ہوئی جب میرزا جعفر کی شادی
ہوا بزم طرب میں رقص ناہید
کہا غالب سے تاریخ اس کی کیا ہے
تو بولا "انشراح جشن جمشید"

1270 ہجری

محظوظ کے اعداد 1854 (سن عیسوی نکلا) اور انشراح جشن جمشید کے اعداد 1270 ہجری نکلا۔ جب مرزا غالب کی کتاب 1277 ہجری میں طباعت کے مراحل سے گزری تو مرزا صاحب نے اس پر ایک قطعہ تاریخ لکھا۔ مرزا جی کے قول = 14 7 + 7 سے مراد چہاردہ معصومین ہیں اور 12 سے مراد بارہ امام۔ اس لیے شیعان علی اور محبان آل محمدؐ کے لیے سن 1277، بہت سعادت ہوگا۔ یہ قطعہ آگے درج ہے جو دیوان غالب کے قدیم ایڈیشن سے لیا گیا ہے۔ مرزا غالب اپنے شاگرد حاتم علی بیگ کو لکھتے ہیں، بندہ اثنا عشری ہوں، ہر مطلب کے خاتمے پر 12 کا ہندسہ لکھتا ہوں۔ خدا کرے میرا بھی خاتمہ اسی عقیدے پر ہو۔ 12 منہ (ملاحظہ ہو خطوط غالب)

قطعہ تاریخ

اس کتاب طرب نصاب نے جب
آب و تاب انطباع کی پائی
فکر تاریخ سال میں مجھ کو
ایک صورت نئی نظر آئی
ہندسے پہلے سات سات کے دو
دیے ناگاہ مجھ کو دکھلائی
اور پھر ہندسہ تھا بارہ کا
با ہزاراں ہزار زیبائی
سال ہجری تو ہو گیا معلوم
ہے شمول عبارت آرائی
مگر اب ذوق بذلہ سنجی کو
ہے جداگانہ کار فرمائی
سات اور سات ہوتے ہیں چودہ
یہ امید سعادت افزائی
غرض اس سے ہیں چہاردہ معصوم
جس سے ہے چشم و جاں کو زیبائی
اور بارہ امام ہیں بارہ
جس سے ایماں کو ہے توانائی
ان کو غالب یہ سال اچھا ہے
جو آئمہ کے ہیں تولائی

(دیوان غالب، صفحہ 293 طبع قدیم)

مدینہ پاک جانے والے اور درود پاکؐ سے محبت کرنے والوں کیلئے خوشخبری! درود پاکؐ کا خوبصورت کتابچہ مفت طلب کریں۔ الحاج محمد رمضان چشتی C-47 ابوبکر بلاک نیوگارڈن ٹاؤن۔ لاہور فون آفس: 042-37283350

Scanned By Amir
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

جو لوگ حاضرات کے شائقین ہیں ان کے لیے یہ مضامین کسی گوہر نایاب سے کم نہ ہوں گے۔ تمام ہدایات و قواعد حاضرات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ذیل کے اعمال مکمل توجہ یکسوئی کے ساتھ کریں، انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ وہ دوست احباب جو کہ ابھی عملیات کی دنیا میں نو مولود ہیں، ایسے اعمال سے دور رہیں اور ابھی اپنے استاد صاحب کی ہدایت کے مطابق عمل کریں۔

حاضرات سورۃ عنکبوت

اس آیت مبارکہ میں فضل و کرم کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہے۔ یہ کلام الٰہی ہے اگر ایمان و یقین ہے تو دنیا کے تمام خزانے ہیچ ہیں اور جن کے سینے دونوں سے بھرے ہیں، ان کے لیے اس دنیا میں بھی اندھیرا ہے اور آخرت میں بھی ان کی عقل و سماعت اندھیرے میں ہی رہے گی، جو نابینا بہرے ہوتے ہیں انہیں کیا معلوم روشنی کیا ہوتی ہے اور ہوا کی سرسراہٹ میں کیا راز پوشیدہ ہیں۔ یہ تو عقل والوں کے لیے ہے جو ایمان و یقین کی قوت سے خزانے کھوج لیتے ہیں۔ اس آیت کے ذریعے آپ حج کر سکتے ہیں۔ جس شخص کی خواہش ہو اور آرزو پر جوش ہو کہ وہ حج کرے کوشش و بسیار کے سوا کوئی وسیلہ نہیں بن رہا ہے، اس آرزو مند کو چاہیے کہ وہ بعد نماز عشاء یا فجر مندرجہ ذیل آیت تین ہزار بار اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے درمیان پڑھے۔

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُ وأسط

